SMALL-SCALE ECONOMIC SYSTEMS DEVELOPMENT

# People Who develop Entrepreneurs



Digital Fueling
digitalfueling.pk

# Table of Contents


Introduction 04

Two rules for trainers 05

حیاۃ الصحابہ جلد 3، باب: ادائیگی قرض کی دعائیں، صفحہ: 402 07

دنیاوی آسائشیں اللہ کی عطا ہیں، انہیں پا کر اللہ سے غافل نہیں ہونا 08

اللہ پاک ان باتوں پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ 10

حالات، استغفار، استقامت، اور عافیت 11

ایک بزرگ کا بیان جس کو سن کر لگا کہ یہ ہمارے کام کے لئے کیا ہے 12

اللہ کی مخلوق کے لئے دل میں محبت پیدا کریں 15

Stop Artificial intelligence to replace your Natural God Gifted Intelligence 16

ہمارا رب اللہ ہے، اللہ ہمیں پالتا ہے۔ 17

دینی مسائل کے لئے انٹرنیٹ پر بھروسہ نہیں کریں 19

کاروبار سیکھنے والوں کی اقسام اور سکھانے والوں کی دعا 20

شیطان کا وار 21

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ 22

خود نمائی، خود پسندی 24

ہم اللہ پاک سے عافیت مانگیں گے 28

سچے تاجر کا مقام 30

# Table of Contents


| | |
|---|---|
| ایک واقعہ - رمضان 2024 | 32 |
| وابستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ | 34 |
| Mobile Manners | 35 |
| اللہ ہی تنگی پیدا کرتا ہے، اور وہی وسعت دیتا ہے | 38 |
| الہ الا اللہ یقین کی تبدیلی ہے | 39 |
| Relationship-Based Economic System | 41 |

INITIAL PAGE

# People Who develop Entrepreneurs

This book is the second part of Entrepreneurship Development in Islamic Personality. In the previous book, we discussed how to become an entrepreneur. Once you have the entrepreneur mindset and the skills required to launch your business, then it's time to help others to get the skills and help them to launch their business.



Helping others to get skills through which they can earn their living is an effort that increases Iman.

Download the complete course for free at:
https://digitalfueling.pk/download-entrepreneurship-training/

Digital Fueling Team

## The Mercy of Allah: The Story of Wahshi bin Harb Embracing Islam

Abdullah bin Abbas RA narrates that Rasulullaah ﷺ sent a messenger with the invitation of Islam to Wahshi bin Harb who was responsible for killing Saidina Hamzah RA (the uncle of Rasululla ﷺ). The messenger returned with a message from Wahshi stating

"O Muhammad! How can you call me to Islam when you say that a murderer, a Mushrikeen and an adylmer (adulterer) shall meet with a grave punishment and this punishment will be multiplied for them on the Day of Qiyaamah where they shall remain disgraced in it forever. I have committed all of these crimes, so is there any scope for me?"

Allah SWT then revealed the verse:

إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا

“Except for those who repent, believe and do righteous work; for Allah will replace their evil deeds with good. And Allah is Ever-Forgiving, Most Merciful.” (Quran 25:70)

مگر جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھا کام کرے تو ایسوں کی برائیوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

In reply to this verse, Wahshi said, "O Muhammad! The condition in this verse is uncompromising which states, 'Except for those who (sincere) repent, accept Iman and perform good actions.' What if I do not have the opportunity to fulfill it?"

Allah SWT then revealed the verse:

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُانْ يُشْرِكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ

"Indeed, Allah does not forgive associating anything with Him, but He forgives anything else of whomever He wills." (Quran 4:48)

بیشک اللہ اس بات کو نہیں بخشتا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اوراس سے نیچے جو کچھ ہے جسے چاہتا ہے معاف فرما دیتا ہے

To this, Wahshi replied, "This forgiveness depends on the will of Allah SWT. I do not know whether I shall be forgiven or not. Is there any other scope for me?"

Allah SWT then revealed the verse:

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

"Say, ‘"O My bondsmen who have wronged their souls (by committing sins) do not despair of the mercy of Allah. Indeed, Allah forgives all sins. Indeed, it is He who is the Forgiving, the Merciful.’ (Quran 39:53)

تم فرماؤ :اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی! اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا ، بیشک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے ،بیشک وہی بخشنے والا مہربان ہے۔

Upon hearing this, Wahshi said, 'Yes, this is in order." He then accepted Islam. other Muslims asked, "Rasulullaah ﷺ We had also committed the sins that Wahshi committed (Does this verse apply to us as well?)." Rasulullaah ﷺ replied, "It applies to all Muslims in general."

**Our intentions:** We are here to help people launch their businesses without investment. People should launch their businesses under shariah.

- If they launch and follow shariah, we are successful.
- If they launch and don't follow shariah, Allah will reward us for our intentions.
- If we fail in this purpose Allah will reward on our intentions
- We want individuals to join us in helping other people launch their businesses.

### Two rules for trainers

Rule 1: Ala zarfi

Rule 2: Treat every student as if they are sent from Allah.

## Rule 1: Ala zarfi

This vision is related to dealings and interactions "maamlaat" (معاملات), and it's a difficult path. The only way to work on this path is to develop the qualities that the Sahaba (companions of the Prophet) had. Ask Allah to accept you for this work and help you develop those qualities. Also, ask Him to send capable people to join us in this effort.

If someone cheats you, you have to accept that Allah is providing food and shelter even to cheaters. Who are you to say or feel anything bad for them?

In Surah Al-Imran, Allah said to the Prophet Muhammad (صلی اللہ علیہ وسلم) regarding those who injured you and martyred the Sahaba in the Battle of Uhud, that you do not know whom I will give hadayat(ہدایت)and whom I will send to Hell.

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ(128) اے حبیب! آپ کا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں ، اللہ چاہے تو انہیں توبہ کی توفیق دیدے اور چاہے توانہیں عذاب میں ڈال دے کیونکہ یہ ظالم ہیں ۔

If someone steals, they are Allah's creation, and you don't need to take any action. You are not doing anything for anyone; you are doing all this for Allah. Allah sent this thief to us to test our Ikhlaas.

Prophet Ibrahim (AS) invites others to join him in his meals. One day he invited an elderly passerby to his home to eat with him. Before commencing eating, Ibrahim recited Bismillah, but the guest did not. So Ibrahim prompted the man to recite Bismillah, but he refused, claiming he rejected God. This agitated Ibrahim so much that he turned the man away from his home. As soon as the old man left, the angel Jibrail was sent by Allah (SWT) to Ibrahim. Jibrail told Ibrahim that Allah (SWT) had been feeding this unbelieving person for seventy years. Could Ibrahim not tolerate him for even one meal?

If you can't hide others' mistakes, you should not step into this field. Working to make the market and its trends according to Shariah is Faraz-e-kafaya. It's not obligatory for everyone. In Islam, everyone has to earn halal and eat halal; it's Farz. Introducing Halal practices in the market is not Farz for every Muslim.

A buzurg said

ہم کسی سے بھی ناراض نہیں ہوتے، ہم پہ آپریشن کرایا ہوا ہے، ناراضگی والا پتہ ہم نے نکال دیا ہے

## Rule 2: Treat every student as if they are sent from Allah. We need to teach them sincerely and ask for rewards from Allah in the life after death.

We need to see Allah's Sunnah. Those who have hens and sell eggs have enough eggs in their homes. Those who work in fields and grow wheat have enough wheat in their homes. Those who sell milk have enough milk, lassi, yogurt, ghee, and butter in their homes. So, it's Allah's Sunnah. Those who help others to do business have enough business for themselves.

But this is not what we are doing all this for. We need the fruit after Death.

If people speak against you or say negative things about you, be calm and remain content. Ambiya (Prophets) AS faced similar situations. Allah does not want your efforts to go unrewarded. So, if you have done all this for Allah, then you should not seek appreciation from people.

If you have done all this for the sake of people, then it is not for Allah, and Allah does not accept any deed that lacks sincerity (ikhlaas).

We want individuals to join us in helping other people launch their businesses.

حضرت ابو وائل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک مکاتب غلام ( مکاتب اس غلام کو کہتے ہیں جسے اس کے آقا نے کہا ہو کہ اگر تم اتنا مال اتنے عرصہ میں ادا کر دو گے تو تم آزاد ہو جاؤ گے ) نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آ کر عرض کیا کہ میں کتابت میں مقرر شدہ مال ادا کرنے سے عاجز ہو گیا ہوں آپ اس بارے میں میری مدد فرمائیں۔ حضرت علی رضي الله تعالى عنه نے فرمایا، "میں تمہیں وہ کلمات نہ سکھاؤں جو حضور علیہ السلام نے مجھے سکھائے تھے؟ اگر تم پر یمن کے صیر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو تو بھی اللہ تمہارا وہ قرض ادا کرادے گا تم یہ دعا پڑھا کرو

اللّٰهُمَّ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاك

اے اللہ! مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام سے بچادے اور اپنے فضل و کرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور صلى الله عليه وسلم ایک دن مسجد میں تشریف لائے تو اچانک آپ کی نظر ایک انصاری شخص پر پڑی جنہیں ابو امامہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ کہا جاتا تھا حضور علیہ السلام نے فرمایا اے ابوامامہ! کیا بات ہے تم آج مسجد میں نماز کے وقت کے علاوہ دوسرے وقت میں بیٹھے ہوئے ہو۔ انہوں نے کہا یا رسول اللہ غموں اور قرضوں نے مجھے گھیر لیا ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا کیا میں تمہیں ایسا کلام نہ سکھاؤں کہ جب تم اسے کہو گے تو اللہ تمہارا غم دور کر دیں گے اور قرض اتروا دیں گے۔ انہوں نے کہا یا رسول اللہ ! ضرور سکھا دیں۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا صبح اور شام یہ دعا پڑھا کرو

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ.

"اے اللہ! میں ہر فکر و غم سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور کمزوری اور سستی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور بزدلی اور بخل سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور قرض کے غلبے اور لوگوں کے میرے اوپر دباؤ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔"

حضرت ابوامامہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے ایسا کیا تو اللہ نے میرے غم بھی دور کر دیے اور میرا قرضہ بھی سارا ادا کرا دیا ۔

ایک دفعہ جمعہ کے دن حضور صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ کو نہ دیکھا حضور علیہ السلام جب نماز سے فارغ ہو گئے تو حضرت معاذ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا اے معاذ! کیا بات ہے آج تم (جمعہ کی نماز میں نظر نہیں آئے ؟ انھوں نے کہا یا رسول اللہ! ایک یہودی کا مجھ پر ایک اوقیہ سونا قرضہ ہے میں گھر سے آپ کی خدمت میں حاضری کے لئے چل پڑا لیکن راستہ میں وہ یہودی مل گیا جس کی وجہ سے دیر ہوگئی ۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا : اے معاذ! کیا میں تمہیں ایسی دعا نہ سکھا دوں کہ اگر (یمن کے) صیر پہاڑ جتنا بھی تم پر قرض ہو اور تم یہ دعا پڑھو تو اللہ تعالی تمہارا وہ قرضہ ضرور ادا کرا دیں گے؟اے معاذا تم یہ دعا کیا کرو:

اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ رَّحْمَنُ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَرَحِيمُهُمَا تُؤْتِي مِنْهُمَا مَنْ تَشَاءُ وَتَمْنَعُ مَنْ تَشَاءُ ارْحَمْنِي رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةٍ مِنْ سِوَاكَ

اے اللہ ! اے تمام ملک کے مالک تو جس کو چاہے ملک دے دیتا ہے اور جس سے چاہے ملک چھین لیتا ہے اور تو جسے چاہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہے ذلت دیتا ہے۔ ہر بھلائی تیرے ہی اختیار میں ہے بلاشبہ تو ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ تو رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے ( کبھی دن بڑا ہوتا اور کبھی رات ) اور تو زندہ کو مردہ سے نکال لیتا ہے اور مردے کو زندہ سے نکال لیتا ہے (پرندہ سے انڈا نکال لیتا ہے اور انڈے سے پرندہ) اور تو جسے چاہتا ہے اسے بے حساب روزی دیتا ہے۔ اے دنیا و آخرت کے رحمٰن ! اے دنیا و آخرت کے رحیم ! تو دنیا اور آخرت جسے چاہے دے دیتا ہے اور جس سے چاہے روک لیتا ہے۔ تو مجھ پر ایسی خاص رحمت نازل فرما جس کے بعد مجھے تیرے سوا کسی کی ضرورت نہ رہے۔

# دنیاوی آسائشیں اللہ کی عطا ہیں، انہیں پا کر اللہ سے غافل نہیں ہونا

## أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ - حَتَّىٰ زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ

### تمہیں غافل رکھا مال کی زیادہ طلبی نے یہاں تک کہ تم نے قبروں کا منہ دیکھا

**اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ:** زیادہ مال جمع کرنے کی طلب نے تمہیں غافل کردیا **حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ:** یہاں تک کہ تم نے قبروں کا منہ دیکھا

لمبی لمبی پلاننگ (Plannings) کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ زندگی کا مقصد بنانا کہ میں بہت امیر ہو جاؤں، اس مقصد کی وجہ سے ہم نے اپنی دنیا کی زندگی کو بھی پریشانی میں ڈال دیا اور آخرت بھی خراب کی۔ زیادہ مال جمع کرنے کی خواہش کی وجہ سے، جو مال موجود تھا اسے بھی صحیح طور پر استعمال نہیں کر سکے اور آخر کار زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ زیادہ مال جمع کرنے کی لالچ نے آخرت کو بھی برباد کر دیا۔ زندگی کے مقاصد یا مقصد (Purpose of Life) کو سوچ سمجھ کر لکھیں۔ جن بےچاروں نے زیادہ مال جمع کرنے کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا، وہ اب بڑھاپے میں اینٹی ڈپریشن دوائیں لے رہے ہیں۔

**دنیا اور آخرت ایک دوسرے کی ضد ہیں۔** اگر آخرت کو ترجیح دی جائے تو دنیا کی زندگی کے ساتھ گزارا کرنا پڑے گا۔ اگر دنیا کو ترجیح دی جائے تو آخرت کے ساتھ گزارا کرنا پڑے گا۔

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم دنیا کے تنگ ہو جانے سے گھبرایا نہیں کرتے تھے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر جب دنیا کھل گئی تو وہ گھبرایا کرتے تھے کہ، اللہ پاک نے قربانیوں کا صلہ کہیں دنیا ہی میں تو نہیں دے دیا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (المنافقون – 9)
اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کردیں اور جو ایسا کرے تو وہی لوگ خسارہ اٹھانے والے ہیں۔

إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَاللَّـهُ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ (سورہ التغابن 15)
تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہارے لیے آزمائش ہیں، اور اللہ کے پاس بڑا اجر ہے۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْـرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۗ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الـدُّنْيَا ۖ وَاللّـٰهُ عِنْدَه حُسْنُ الْمَاٰبِ ( سورة آل عمران 14)
لوگوں کو مرغوب چیزوں کی محبت نے فریفتہ کیا ہوا ہے جیسے عورتیں اور بیٹے اور سونے اور چاندی کے جمع کیے ہوئے خزانے اور نشان کیے ہوئے گھوڑے اور مویشی اور کھیتی، یہ دنیا کی زندگی کا فائدہ ہے اور اللہ ہی کے پاس اچھا ٹھکانہ ہے۔

اگر ہم فیملی لائف، یا ڈگریاں، یا کاروبار، یا بچوں میں مشغول ہو کر اپنے اللہ کو نہ بھولیں، اور اس کے نبی ﷺ کی تعلیمات کو نہ بھولیں تو ہم کامیاب ہیں۔ یہ سب اللہ پاک کی نعمتیں ہیں۔

لیکن اگر ہم ان چیزوں میں ہی کھو گئے، اللہ سے غافل ہو گئے، حضرت محمد ﷺ کی شریعت کی پابندی نہ کی، تو یہ بہت نقصان دہ بات ہے۔

آگ – اللہ پاک کی بہت بڑی نعمت ہے، اس سے کھانا پکایا جاتا ہے، ہیٹر چلائے جاتے ہیں وغیرہ۔ لیکن یہ بہت نقصان دہ بھی ہو سکتی ہے اگر گھر میں لگ جائے اور چھوٹے بچے گھر میں پھنس جائیں۔ ہر چیز کا ایک طریقہ ہوتا ہے، ان نعمتوں میں لگنے کا طریقہ ہمیں حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات سے ملے گا۔ اگر ہم ان تعلیمات پر عمل کریں گے تو فائدہ ہوگا، ورنہ نقصان ہوگا۔

# دنیاوی آسائشیں اللہ کی عطا ہیں، انہیں پا کر اللہ سے غافل نہیں ہونا

اللہ پاک عافیت والا معاملہ فرمائے، ہم بہت کمزور ہیں، ضعیف ہیں

لیکن ہم یہ سمجھ چکے ہیں کہ وہ غم اور تکلیف جس کے آنے سے ہم اللہ کی طرف متوجہ ہو جائیں، اس خوشی سے بہتر ہے جس کے ملنے سے ہم اللہ سے غافل ہو جائیں۔

ہمارا رب اللہ ہے، ہمیں اللہ پالتا ہے، ہماری اللہ پاک سے دعا ہے کہ ہمیں زیادہ پیسے دے کر غافل نہ ہونے دے، اور نہ ہی ہمیں مخلوق کے سامنے رسوا کرے۔ بس جب ہمیں ضرورت ہو، ہمیں توفیق عطا فرمانا کہ ہم آپ سے اپنی ضرورت مانگ لیں، نہ بہت زیادہ عطا فرمانا کہ ہم غافل ہو جائیں، اور نہ ہی مخلوق کے سامنے ہمیں رسوا فرمانا، ہم ضعیف ہیں، کمزور ہیں، ہمارے ساتھ عافیت والا معاملہ فرمانا، اپنا فضل فرمانا

اللہ پاک کی طرف ہی متوجہ رہنا اور اس کی مسلسل پریکٹس کرتے رہنا چاہیے۔ اللہ پاک ہی پا لتے ہیں، اور دنیا کے اسباب آزمائش ہیں۔ اللہ پاک اس میں دیکھنا چاہتے ہیں کہ کون اللہ کو یاد رکھتا ہے، اور اللہ کے احکامات حضرت محمد ﷺ کے بتائے ہوئے شریعت کے مطابق، آپ ﷺ کی سنت کے مطابق ان اسباب میں لگتا ہے۔

اور کون ان اسباب میں لگ کر اللہ پاک سے غافل ہو جاتا ہے، اور اللہ کے حکم پس پشت ڈال دیتا ہے۔

اللہ پاک نے ہمیں آزمائش کے لیے بھیجا ہے۔

اب جب بھی کوئی اچھی ڈیل سائن (Deal Sign) ہو، یا کوئی نیا پروجیکٹ (Project) ملے تو دل میں خوشی ہوتی ہے، یہ فطری عمل ہے، آپس میں خوشی بھی شیئر کریں ہیں، کوئی مسئلہ نہیں، مبارکباد بھی ایک دوسرے کو دیں۔

پر دل کے اندر جو ایکسائٹمنٹ (Excitement) ہوتی ہے، اور جو جذبات (Feelings) اس ڈیل (Deal) کی وجہ سے اُبھر رہے ہیں، ان کا علاج ضروری ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو اس پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

علاج یہ ہے کہ 20-25 بار نفی اثبات کا ذکر کر لیں۔

نفی: "لَا إِلٰہَ" نہیں ہے کوئی معبود۔

جب پڑھیں تو تصور یہ کریں کہ دل سے پروجیکٹ (Project) کی بڑائی نکال کر باہر پھینک رہے ہیں، دل سے سارا کا سارا پروجیکٹ باہر نکال رہے ہیں۔

جو محبت دنیا کی ہے، یا مال جمع کرنے کی ہے، اور جو لمبی لمبی امیدیں اس پروجیکٹ کی وجہ سے دل میں پیدا ہو رہی ہیں، یہ جو لالچ دل کے اندر آ رہی ہے، اس سب کو نکال کر باہر پھینک دیں۔

اثبات: "إِلَّا اللّٰہُ" سوائے اللہ کے،

دل کو اللہ کے سامنے رکھ دیں، کہ اس میں اللہ پاک کی بڑائی آ گئی ہے، اللہ پاک کے کمالات اور صفات کا یقین دل میں آ رہا ہے۔ دل اللہ پاک کی محبت سے بھر گیا ہے، دل منور ہو گیا ہے۔

آخر میں 2-3 بار پورا کلمہ پڑھ لیں:
"لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ"

اللہ پاک کے نبی ﷺ کی شریعت کے مطابق اس پروجیکٹ میں لگوں گا۔

یہ عمل تب بھی کریں جب کاروبار میں کوئی نقصان کی خبر مل جائے۔ یہ عمل اپنی ذاتی زندگی میں بھی کریں خوشی کے موقع پر بھی اور غم کے موقع پر بھی۔

ہر قسم کی زنجیروں سے آزاد ہو جائیں۔

صحابہ فرماتے تھے ہم تمہیں لوگوں کی غلامی سے نکال کر اللہ کی غلامی میں لانا چاہتے ہیں۔

**اللہ پاک ان باتوں پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔**

- کسی بھی مسلمان کو انڈر اسٹیمیٹ نہ کرنا، کیا پتا کس کا اللہ پاک کے ساتھ کیا تعلق ہو۔
- اللہ کی مغفرت ہمارے گناہوں سے زیادہ ہے، اللہ کی رحمت ہمارے اعمال سے زیادہ ہے۔
- ہم کسی سے بھی ناراض نہیں ہوتے، ہم پہ آپریشن کرایا ہوا ہے، ناراضگی والا پتہ ہم نے نکال دیا ہے۔
- اللہ پاک مانگنے سے خوش ہوتے ہیں، نہ مانگنے سے اللہ پاک ناراض ہوتے ہیں۔
- ایک اخلاص۔ دوسرا اللہ کی مخلوق پر شفقت۔ اللہ پاک آپ سے کام لے لیں گے۔
- ہمارے خواہشات ہمیں مروائیں گے، ان کو دشمن سمجھنا ہے۔
- ضرورت سے زائد دنیاوی سامان ہمیں پریشان بھی رکھے گا، ہمارے لئے نقصان دہ بھی ہے، ضرورت سے زائد سامان اللہ کی راہ میں دے کر اللہ پر یقین کر لیں کہ جب ضرورت ہو گی اللہ پاک پوری فرمائے گا۔
- جوانی مستانی ہوتی ہے، اس میں جذبات (peak) پیک پر ہوتے ہیں۔ جو نوجوان جوانی میں اپنے جذبات قربان کریں گے، اللہ کی عبادت کریں گے، وہ قیامت کے دن اللہ کے عرش کے سائے کے نیچے ہوں گے۔
- اللہ پاک سے عافیت، قبولیت اور استقامت طلب کرتے رہیں، اپنی استطاعت پر بھروسہ نہ کریں، اللہ کے فضل سے ہی کام بنے گا۔
- ہم جو بھی عمل کرتے ہیں اُس میں فائدہ ہوگا یا نقصان، یہ اللہ کو معلوم ہے۔ اللہ کسی فائدے والے معاملے میں نقصان ڈال دیں، یا کسی الٹے کام میں فائدہ ڈال دیں۔ تو جو بھی کرنا ہے، (Confidently) نہ کریں، ڈرتے ڈرتے کریں، اللہ پاک کی طرف توجہ کر کے کریں، اپنے عمل پر بھروسہ نہ کریں، بلکہ اللہ کے فضل کو طلب کریں کہ اللہ پاک میرے الٹے کام کو بھی سیدھا کر دے، میں تو کام بگاڑتا ہی ہوں۔
- معافی کو شیوہ بنا اور نیکی کا کام کر
- الاستقامة فوق الكرامة | استقامت کرامت سے افضل ہے | کرامت سے بڑی چیز استقامت ہے

# خُذِ العَفوَ وَامُر بِالعُرفِ

## معافی کو شیوہ بنا اور نیکی کا کام کر

Surah Al-A'raf, verse 199

حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ , وَيَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ , قَالَا : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ , عَنْ عَاصِمٍ , عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ , عَنْ أَبِيهِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ , قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللَّهِ , أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً ؟ قَالَ : " الْأَنْبِيَاءُ , ثُمَّ الْأَمْثَلُ فَالْأَمْثَلُ , يُبْتَلَى الْعَبْدُ عَلَى حَسَبِ دِينِهِ , فَإِنْ كَانَ فِي دِينِهِ صُلْبًا اشْتَدَّ بَلَاؤُهُ , وَإِنْ كَانَ فِي دِينِهِ رِقَّةٌ ابْتُلِيَ عَلَى حَسَبِ دِينِهِ , فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتَّى يَتْرُكَهُ يَمْشِي عَلَى الْأَرْضِ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيئَةٍ

´سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ` میں نے عرض کیا: اللہ کے رسول! لوگوں میں سب سے زیادہ مصیبت اور آزمائش کا شکار کون ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”انبیاء، پھر جو ان کے بعد مرتبہ میں ہیں، پھر جو ان کے بعد ہیں، بندے کی آزمائش اس کے دین کے مطابق ہوتی ہے، اگر وہ دین میں سخت اور پختہ ہے تو آزمائش بھی سخت ہو گی، اور اگر دین میں نرم اور ڈھیلا ہے تو مصیبت بھی اسی انداز سے نرم ہو گی، مصیبتوں سے بندے کے گناہوں کا کفارہ ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ بندہ روے زمین پر اس حال میں چلتا ہے کہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا

*Sunan Ibn Majah Hadith 4023*

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ بھی اپنے خطبہ میں فرمایا کرتے، اسے لوگو! اللہ سے معافی اور عافیت کے خواستگار رہو، کیونکہ اسلام کے بعد مومن کے لیے مغفرت اور عافیت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں

الاستقامة فوق الکرامة | استقامت کرامت سے افضل ہے | کرامت سے بڑی چیز استقامت ہے

WWW.DIGITALFUELING.PK

## ایک بزرگ کا بیان جس کو سن کر لگا کہ یہ ہمارے کام کے لئے کیا ہے

اللہ کے احسانات کی بارش ہے ہمارے اوپر، سب سے بڑی نعمت ہدایت ہے۔ اللہ ہمیں ایسے ماحول میں جوڑتے ہیں، بار بار توفیق دے دیتے ہیں، اس پہ شکر ادا کریں۔
ہمارے گناہوں کے باوجود، ہماری کوتاہیوں کے باوجود، ہماری نالائقیوں کے باوجود اللہ پاک بار بار ہمیں توفیق دے دیتے ہیں، اس پہ شکر ادا کریں۔ اللہ شکرانِ نعمت پر خوش ہوتے ہیں، اس پہ نعمت کو بڑھاتے ہیں۔ کفران نعمت پر اللہ پاک ناراض ہوتے ہیں، وہ نعمت بھی چھین لیتے ہیں، اور بعض اوقات اللہ رب العزت سزا بھی دیتے ہیں۔

اللہ رب العزت نے یہ کائنات اسباب سے بنائی ہے، اس لیے اسباب کو استعمال کرنا - یہ ہمارے بزرگوں کا طریقہ رہا ہے، اسباب پر یقین نہیں کرنا چاہیے۔

**یقین اللہ رب العزت کی ذات پر اور اس کے کمالات پر ہو**

**اس لیے اسباب استعمال کرنے کی گنجائش ہے، لیکن اسباب کو دل میں جگہ نہ دیں۔**

دل میں اللہ ہو۔ یہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی ترتیب تھی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے اسباب کو استعمال کیا لیکن اسباب پر یقین نہیں کیا۔

**عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کا تجارتی قافلہ**

ایک دفعہ مدینہ منورہ میں بالکل خاموشی تھی۔ خاموشی کا ماحول تھا، اچانک فضا میں گرد کا طوفان، ریت کا طوفان نمودار ہو گیا، طوفان آتے رہتے ہیں، گرد کا طوفان، مٹی کا طوفان، بارش کا طوفان۔
بعد میں خبر دے گئی، کہ یہ اصل میں طوفان نہیں ہے، حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کا تجارتی قافلہ ہے، جس میں ۷۰۰ اونٹ ہیں، اور ان اونٹوں پر تجارتی سامان لدا ہوا ہے۔ وہ قافلہ شام سے آیا ہے، اور مدینہ منورہ میں داخل ہو رہا ہے۔
امّا عائشہ رضی اللہ عنہا بھی فکرمند ہوگئیں کہ یہ گرد کا طوفان کیسا ہے، تو بتایا گیا کہ اصل میں یہ گرد کا طوفان نہیں ہے، یہ عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کا تجارتی قافلہ شام سے آ رہا ہے، مدینہ منورہ میں داخل ہو رہا ہے، جس میں ۷۰۰ اونٹ ہیں، اور اس ۷۰۰ اونٹوں پر سامان لدا ہوا ہے۔
امّا عائشہ رضی اللہ عنہا کچھ سوچ سوچ میں پڑ گئیں، جیسے کسی بات کے بارے میں یا کسی واقعے کے بارے میں سوچ رہی ہوں۔
پھر فرمانے لگیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سنا تھا اور ایک سے زیادہ دفعہ سنا تھا، کہ عبدالرحمن بن عوف جنت میں سرینوں کے بل داخل ہوگا، یعنی جنت میں گھسٹا ہوئا داخل ہو گا۔ یہ خبر عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ تک پہنچائی گئی کہ امّا عائشہ رضی اللہ عنہا فرما رہی ہیں کہ عبدالرحمن بن عوف جنت میں سرینوں کے بل داخل ہوگا، یا گھسٹا ہوا جنت میں داخل ہوگا اور یہ اس وجہ سے ہوگا کہ وہ مال کا حساب دے گا، عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کو جب یہ خبر نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی امّا عائشہ رضی اللہ عنہا کے ذریعے سے پہنچائی گئی تو انہوں نے فرمایا کہ ہاں میں نے بھی نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سنا ہے۔

## ایک بزرگ کا بیان جس کو سن کر لگا کہ یہ ہمارے کام کے لئے کیا ہے

اور پھر عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے وہ ۷۰۰ اونٹ بما اُس کے سامان کے سارا کا سارا اہلِ مدینہ میں، قبیلہ بنو زُہرہ میں، امّہات و مومنین میں، مدینہ کے غرباء میں وہ سارا کا سارا تقسیم کر دیا۔

**صحابہ اسباب کو استعمال کرتے تھے لیکن اسباب کی محبت ان کے دلوں میں نہیں تھی**

صحابہ اکرم رضی اللہ عنہ انسان ہی تھے اور اس دنیا میں رہ گئے تھے، دنیا کے اسباب کو استعمال کرتے تھے لیکن اسباب کی محبت ان کے دلوں میں نہیں تھی۔ اور جب ایسا واقعہ ہوتا تھا، موقع آتا تھا تو وہ قربانی پیش کرتے تھے، اور اس بات کو انہوں نے ثابت کیا کہ ان کے دلوں میں اسباب کا یقین نہیں تھا، اسباب کی محبت نہیں تھی، وہ صرف اسباب کو استعمال کرتے تھے۔

ان کے دلوں میں اللہ رب العزت کی محبت تھی، آقاِ نَمدار، فَخرِ مَوجودات، سَیدِ کائنات، اِمامُ الانبیاء، مُحمدُ المُجتبی، اَحمدُ المُصطفیٰ صَلی اللہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمْ کی محبت تھی، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں کی محبت تھی۔

اس لئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ

**میرے صحابہ ستاروں کی مانڈ ہیں، جس کی بھی پیروی کرو گے راستہ پا لو گے،**

غریبوں کی پیروی کرو گے، راستہ پا لو گے، مالداروں کی پیروی کرو گے، راستہ پا لو گے، تاجر صحابہ اکرام کی پیروی کرو گے، راستہ پا لو گے۔

تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت کی برکت تھی، کہ صحابہ نے اپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت میں بیٹھ کر، اپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں کو اپنایا، اور اپ کے طورِ طریقوں کو اپنایا اور صحابہ اکرام کا ہمارے اوپر احسان ہے، کہ انہوں نے ہم تک دین بھی پہنچایا، دین کی عالی محنت بھی پہنچائی، قرآن کتاب کی شکل میں پہنچایا۔

**نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک زندگی قرآن کی عملی تفسیر**

جیسا کہ آیا ہے روایات میں، کہ جب امّا عائشہ رضی اللہ عنہا سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ کیا آپ نے قرآن نہیں پڑھا؟ یعنی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک زندگی قرآن کی عملی تفسیر ہے، تو یوں یہ خبر آئی کہ ایک طرف کتابی شکل میں، الفاظ کی شکل میں قرآن ہے، اور ایک عملی کتاب کی، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک زندگی کی شکل میں۔

**کلمہ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کے دو جُز ہیں**

سنتوں کا احتمام، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع، انکو اپنانا ان پر عمل کرنا یہ ہمارے دین کا آدھا حصہ ہے۔

لا الہ الا اللہ　　　　　　محمد رسول اللہ

اللہ کی ذات اور اس کی صفات پر یقین، اس کے کمالات پر یقین، یہ دین کا بقایا آدھا حصہ ہے۔

## ایک بزرگ کا بیان جس کو سن کر لگا کہ یہ ہمارے کام کے لئے کیا ہے

یہ ہماری زندگی میں آ جائے اس کے لئے ہمارے پاس صحابہ کی زندگی ہے، ان کی جد و جہد اور ان کی محنت ہے۔ وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محنت کو یہاں تک لے آئے اور ہمارے پاس اسکو پیش کیا۔ اس کا ثبوت صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم کی قبریں مبارک ہیں۔
کہاں مکہ مکرمہ، کہاں مدینہ منورہ، لیکن جب کلمہ گو اللہ کا سفیر بن جاتا ہے، اللہ کا پیغام لے کر چلتا ہے۔
تو نہ پہاڑ اسکو روکتے ہیں، نہ جنگل انکا راستہ روکتے ہیں، نہ ریگستان انکا راستہ روکتے ہیں۔
اللہ کی غیبی مدد انکے ساتھ ہو جاتی ہے۔ اللہ پاک نے قرآن میں فرمایا ہے:

**وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا**

جو ہمارے راستے میں جدوجہد کریں گے، کوشش کریں گے، محنت کریں گے، ان کے لئے ہم راستے کھولیں گے، ہدایت کے راستے کھولیں گے۔

### اللہ پاک مانگنے سے خوش ہوتے ہیں، نہ مانگنے سے ناراض ہوتے ہیں

اسی کو اپنانا، اسی پر عمل کرنا ہے، اللہ پاک سے منگنا ہے۔ یہ بہت بڑی سعادت ہے۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ اللہ رب العزت ہمارے علوم کو، اللہ رب العزت ہمارے اموال کو، اللہ رب العزت ہمارے اوقات کو، اللہ رب العزت ہماری استعدادوں کو، اللہ رب العزت ہماری صلاحیتوں کو، أعلی کلمۃّلاہ کے لئے، شریعت کی ترویج کے لئے، دین کی عالی محنت کے لئے استمال فرمائیں۔
ہم دعا مانگیں گے۔ اللہ پاک بڑے کریم ہیں، اللہ پاک مانگنے سے خوش ہوتے ہیں، نہ مانگنے سے ناراض ہوتے ہیں۔ اللہ پاک سے ہدایت کی دعا مانگیں، امت کے لئے، بچوں کے لئے، اور ساری کانیات کے لئے، جنات کے لئے وہ بھی اللہ کی مخلوق ہیں، سب کے لئے ہدایت کی دعا کریں، ہدایت آئے گی انشاءاللہ۔ اس کا فائدہ دنیا میں بھی ہے اور آخرت میں بھی۔

### پریشانی کا حل

آج کل پریشانی کا علامات ہے، چاروں طرف پریشانی پھیلی ہوئی ہے، اُس پریشانی کا حل ہمیں بتایا گیا ہے، وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل کرنا، قرآن پر عمل کرنا ہے۔
اللہ پاک آپ اور ہم کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

### تشکیل Digital Fueling طرف سے۔

اس محنت کے ذریعے اللہ پاک کے احکام، اللہ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت مبارکہ، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت بازاروں میں زندہ ہو جائے، آئی ٹی انڈسٹری (IT Industry) میں زندہ ہو جائے، انٹرپرینیورز (Entrepreneurs) میں زندہ ہو جائے، اور انٹرنیٹ کے ذریعے کمانے والوں کے اندر زندہ ہو جائے، اور اسباب کے درجے میں اللہ پاک ہمیں استعمال فرما دے۔

# اللہ کی مخلوق کے لئے دل میں محبت پیدا کریں

اگر آپ اپنے آپ کو اللہ سے قبول کروانا چاہتے ہیں کہ اللہ پاک آپ سے کام لے لے، آپ کی جان کو، آپ کے مال کو، آپ کی صلاحیتوں کو، آپ کی جوانی کو اللہ پاک اپنے دین کی محنت کے لیے قبول کر لے۔

آپ کے ذریعے بازار کا دین زندہ ہو، تو ایک صفت اپنے اندر لانی ہو گی

**اللہ پاک ان سے کام لیتے ہیں جو اللہ کی مخلوق کے لیے شفیق ہوتے ہیں۔**

ہمیں ہر کسی کو معاف کرنا ہو گا، اپنے دل سے تمام برے جذبات (Negative Feelings) نکالنے ہوں گے، کسی بھی انسان کے بارے میں ہمارے دل و دماغ میں کبھی کوئی منفی سوچ (Negative Thought) نہ آئے۔

اس کا حل یہ ہے کہ جب بھی آپ کو کسی کے بارے میں کوئی منفی سوچ آئے تو اسے (Continue) نہ کریں بلکہ دل ہی دل میں اس کے لیے دعائیں شروع کر دیں، تب تک دعائیں کریں جب تک سوچ ختم نہ ہو جائے۔

ہم ایک تصور کریں، ہمارے سامنے ایک میز ہے، اس پر گلے سڑے پھل پڑے ہیں، گندگی پڑی ہے، غلاظت پڑی ہوئی ہے اور اس سب کے اوپر ایک کپڑا ہے جس نے اسے چھپایا ہوا ہے۔

اور سامنے والے بندے کی میز پر صرف ایک یا دو گندگیاں ہیں، جو ہمیں نظر آ گئی ہیں۔

ہمیں اپنی کمیوں سے فرصت ہی نہ ملے کہ ہم کسی مسلمان کی کمی دیکھیں۔

اللہ سے دعائیں بھی مانگیں کہ یا اللہ مجھے میری کمیاں دکھا دے، مجھ سے اپنی مخلوق کی کمیاں یا خامیاں چھپا دے۔

ظرف ایسا ہو کہ کسی کی کمی نظر ہی نہ آئے، اور اپنی کوئی خوبی نظر نہ آئے۔

چل یہ رہا ہوتا ہے کہ ہمارا نفس جو کہ ہمارا دشمن ہے وہ ہمیں لوگوں کی کمیاں دکھاتا ہے، اور اپنی خوبیاں دکھاتا ہے، اس چیز کے برعکس (Opposite) کرنا ہے۔

اور حل یہ ہے کہ، کسی کے بارے میں کوئی بھی منفی سوچ آئے اور ہم اس کے لیے دعائیں شروع کر دیں۔

# Use Artificial Intelligence where you want your own Natural Intelligence to become Zero

According to my experience, the use of Artificial intelligence has a negative effect on a person's intelligence.

My brother had an accident in 2023 and broke his knee, and bedridden for 6 weeks, the doctor told us that if we don't use knee muscle for 3 weeks they become inactive and loose the tendency to work, so you need to go to physiotherapist for one month regularly to bring the muscle back to work.

If you don't use your intelligence it wont work after a specific time,

So, using artificial intelligence will result in losing your own capability of thinking.

So, if you want to lose the tendency to writing ask artificial intelligence to write it for you for few months, and if you want to lose your tendency of analyzing and decision making, tell stories to artificial intelligence and ask it to analyze it for you and give a few recommendations, do it for a few months and you will be dependent on artificial intelligence whenever you need to analyze something and need to take bold decisions.

In early times at the era of Sahaba, They said

ہم تمہیں لوگوں کی غلامی سے نکال کر اللہ کی غلامی میں لانا چاہتے ہیں




Don't let Artificial Intelligence lead your thinking. Don't allow AI to acquire your intelligence. Stop using it for every task, Just use it where you want your intelligence to become Zero.
For instance I use Artificial intelligence to write things for me in urdu, and I can't write urdu on PC - and I accept my tendency of writing Urdu will become Zero, Moreover I have used Artificial intelligence to correct my grammatical errors, I have been writing thesis and research articles with correct grammar since 2010 but now I need Artificial intelligence to correct it for me.

# ہمارا رب اللہ ہے، اللہ ہمیں پالتا ہے۔

فرعون نے رب ہونے کا دعویٰ کیا تھا، رب اللہ ہے، اللہ ہمیں پالتے ہے، اللہ رب العزت ہی ہماری تمام ضروریات پوری کرتے ہے۔ ہم کسی اور چیز پر یقین نہیں رکھیں گے، نہ اپنی Skill پر، نہ اپنی Job پر، نہ اپنے Career پر۔

جب اللہ پاک نے جتنا دینا ہوگا وہ عطا فرمادے گا۔ جہاں جہاں ہمارا یقین پھنسا ہوا ہے اس کو نکالنے کی پریکٹس کرنی ہے، ریگولر پریکٹس (Regular Practice) سے یقین دنیا کی چیزوں سے نکل کر اللہ پاک کی ذات کی طرف منتقل ہو جائے گا انشاءاللہ۔

ابھی یقین ہے کہ میری جیب میں جو پیسے ہیں اس کے ذریعے میں کھانا خریدتا ہوں، اس کے ذریعے مجھے کپڑے ملتے ہیں، اسی کے ذریعے میری اچھی جگہ شادی ہوگی، اسی کے ذریعے مجھے گاڑی ملے گی۔ اصل میں ایسا نہیں ہے، یہ سب اللہ کرتا ہے۔ اللہ پاک نے ہمیں دنیا میں اس لیے بھیجا ہے کہ ہم اللہ پاک کو پہچان جائیں۔

اللہ پاک ایک پردے کے پیچھے یا ایک دیوار کے پیچھے چھپے ہوئے ہیں، ہم نے اللہ پاک کو ڈھونڈنا ہے۔ اللہ پاک آپ کو دکھاتے ہیں کہ پیسے ہوں گے تو بازار جا کر فروٹس (Fruits) لے کر آؤ گے، اور فروٹس (Fruits) کھاؤ گے۔ لیکن اصل میں فروٹس اللہ کھلاتا ہے۔ ہمیں اللہ پالتا ہے۔

ایک ایکسرسائز (Exercise) کرتے ہیں! اپنے پیرنٹس (Parents) کی نزدیک کی عینک لیں، ریڈنگ گلاسز (Reading Glasses)، اور اسے پہن کر کسی بھی چیز کو دیکھیں جو آپ کے نزدیک پڑی ہوئی ہو۔ آپ کو وہ چیز تھوڑی سی قریب دکھائی دے گی، عینک اتار کر دیکھیں وہ اپنی جگہ پر تھوڑا سا دور ہو گی۔ یہ 30 بار کریں، اور غور کریں۔ اصل چیز وہ ہے جو آپ کو قریب نظر آ رہی ہے یا اصل لوکیشن (Location) وہ ہے جو عینک اتار کر آپ کو نظر آتی ہے۔

ہم نے دھوکے کی عینک پہنی ہوئی ہے، ہم نے اس دیوار کی دوسری طرف دیکھنا ہے جہاں سے ہمیں نظر آ جائے کہ رزق اللہ دیتا ہے۔

**جہاں سے جو کچھ ہوتا ہوا نظر آ رہا ہے وہ وہاں سے نہیں ہو رہا بلکہ سب کچھ صرف اللہ کرتا ہے۔**

اللہ نے اپنی مخلوق بنائی ہے، اور ہر مخلوق کو زندہ رکھنے کے لئے اسے بہت سی چیزوں کا محتاج بنا دیا ہے، اور ہر مخلوق کی ہر وقت اللہ پاک ہر حاجت پوری کر رہے ہیں۔ اللہ کسی سے بھی غافل نہیں ہیں۔

رب سب کا **سانجھا** ہے، رب سب کا ہے، جانوروں کا بھی، مسلمانوں کا بھی، مشرکین کا بھی، رب سب کا ہے۔

میری اس بات سے کہیں علماء اختلاف نہ کر لیں، پر مجھے یہ ہی سمجھ آتی ہے کہ صحابہ کے استاد محترم نبی ﷺ تھے، آپ کا قلب مبارک نور کا منبع تھا، جب صحابہ آپ کی صحبت میں بیٹھتے تھے تو اُس نُور کی برکت سے ان کی اصلاح ہو جاتی تھی۔ صحابہ کی مثال بہت لائق طلباء (Students) کی سی ہے، جن سے اللہ پاک کی توقعات بھی بہت زیادہ تھیں، اللہ پاک کی ڈیمانڈ بھی ان سے +A گریڈ کی تھی، وہ 90% سے زیادہ مارکس (Marks) لیتے تو ان کے ساتھ اللہ پاک کی مدد آتی، پر ہم لوگ آخری زمانے کے لوگ ہیں، ہم میں وہ صلاحیتیں نہیں ہیں، نہ ہم نے صحابہ کی طرح نبی ﷺ کی زیارت کی، آپ کے معجزات نہیں دیکھے، قرآن اترتے ہوئے نہیں دیکھا، فرشتوں کو نہیں دیکھا، ہمارا ایمان بھی کمزور ہے، اگر ہم 10% مارکس بھی لے لیں تو اللہ کی وہ مدد جو صحابہ کے ساتھ تھی بالکل وہی مدد ہمارے ساتھ بھی ہو گی۔

# ہمارا رب اللہ ہے، اللہ ہمیں پالتا ہے۔

ہمیں اللہ کی سو فیصد مدد کے لیے اپنے گناہوں سے توبہ کرنی ہے، اگر پھر سے گناہ ہو جائے تو دوبارہ توبہ کر لینی ہے، اللہ پاک کو ندامت اور رجوع بہت پسند ہے۔ پھر ہمیں پریکٹس کرنی ہے، اپنی پاکٹس اکثر خالی کرنی ہوں گی، اکاؤنٹس اکثر زیرو کرنے ہوں گے اور پھر رب سے اپنی ضرورت دو نفل پڑھ کر مانگنی ہوگی، اس کی پریکٹس کریں گے، رب ہر موقعے پر آپ کو سنبھال لے گا۔

یہ پریکٹس اس لیے کرنی ہے کہ فرعون نے دعویٰ کیا تھا کہ میں رب ہوں، اس کو اللہ پاک نے پانی میں ڈبو کر ہلاک کر دیا، اور عبرت کا نشان بنا دیا۔ ہماری پاکٹ میں جو پیسے ہیں اس پہ ہمارا یقین ہوتا ہے کہ ان کے ذریعے ہمیں رزق ملتا ہے، ہماری ضروریات پوری ہوتی ہیں، یہ ہماری پاکٹس میں فرعون ہے، ہم نے اس کو پانی میں غوطے دینے ہیں تاکہ ہمارا یقین ان پیسوں سے نکل کر اپنے رب کی ذات پر آ جائے، یہ غوطے ایسے دیں گے کہ اپنی پاکٹس کو اکثر خالی کریں گے، اکاؤنٹس کو زیرو کریں گے، جب یہ ختم ہو جائیں گے تو اللہ پاک سے نفل پڑھ کر اپنی حاجات پوری کرا لیں گے۔

مال کمانا منع نہیں ہے، صحابہ نے مال کمایا ہے، مال پہ یقین رکھنا منع ہے، صحابہ کے دل میں مال کی محبت نہیں تھی، ہم نے اس مال کی محبت کو نکالنے کے لیے مال کو اکثر ختم کرنا ہے۔

یہ صرف کرنا مشکل لگتا ہے، اصل میں کچھ مشکل نہیں، اللہ سے مانگ لیں کہ اللہ آپ کو ایسے کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اور اس ایکسرسائز کے ذریعے ہر چیز سے یقین ہٹا کر اپنی ذات پر یقین رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ہم مسلمان ہیں، ہم ہر چیز نہیں کھاتے، ہم چوہے نہیں کھاتے، سانپ نہیں کھاتے، مینڈک نہیں کھاتے، ہم تو ذبح کی ہوئی بکری کھاتے ہیں بکری بھی وہ جو مسلمان نے اللہ کا نام لے کر ذبح کی ہو۔ ہم وہ کھاتے ہیں جو اللہ پاک نے ہمارے لیے حلال کیا ہے۔

بالکل ایسے ہی ہم ہر طرح کا پروجیکٹ بھی نہیں کرتے، ہم ہر طرح کا مال بھی نہیں کماتے، ہم کلائنٹ (Clients) کی ہر بات بھی نہیں مانتے، ہم صرف وہی کرتے ہیں جتنا اللہ پاک کی طرف سے اجازت ہو۔

اللہ پاک ہر مسئلے کو حل کرتے ہیں، اللہ پاک سے اپنے مسائل حل کروانے کا طریقہ صرف ایک ہی ہے، اللہ پاک کے نزدیک کوئی اور طریقہ قابل قبول نہیں ہے، یہ حضرت محمد ﷺ کی امت ہے، ہم آپ ﷺ کے امتی ہیں، اور ہمارے لیے اللہ پاک نے جو طریقہ پسند کیا ہے وہ حضرت محمد ﷺ کا طریقہ ہے، ان کی اتباع ہے، ان کی پیروی ہے۔

# دینی مسائل کے لئے انٹرنیٹ پر بھروسہ نہیں کریں

یہ بات غلط ہے کہ آپ انٹرنیٹ سے پڑھ کر یا یوٹیوب سے کسی ڈاکٹر کی کوئی ویڈیو دیکھ کر اپنا علاج خود سے کر لیں۔ سیلف میڈیکیشن یا انٹرنیٹ پر موجود معلومات کی بنیاد پر دوائیں لینا درست طریقہ نہیں ہے، اس سے صحت کے بجائے بیماری میں اضافہ ہونے کے امکانات زیادہ ہیں۔

اسی طرح ہمیں انٹرنیٹ سے دیکھ کر وظیفے بھی نہیں پڑھنے چاہئیں، اور نہ ہی کسی عالمِ دین کا بتائے ہوئے مسئلے پر عمل کرنا چاہئے۔

ہم کسی بھی ایسے دینی مسئلے پر عمل نہیں کریں گے جو کسی نے انٹرنیٹ سے یا یوٹیوب ویڈیو سے دیکھا ہو۔ کبھی سمجھنے میں غلطی ہو جاتی ہے، کبھی کانٹیکسٹ (Context) تبدیل ہوتا ہے۔

**ہم صرف اس مسئلے پر عمل کریں گے جو ہم نے براہِ راست کسی عالمِ دین سے پوچھا ہو، یا ہماری ٹیم والوں نے براہِ راست کسی عالمِ دین سے پوچھا ہو۔**

# کاروبار سیکھنے والوں کی اقسام اور سکھانے والوں کی دعا

ہمارے پاس چار قسم کے لوگ تیار ہوں گے

1) وہ جو کاروبار کرنا سیکھ جائیں گے، مگر حلال حرام کی تمیز نہیں کریں گے۔ ان کو اپنے ساتھ جوڑنا ہے، ماحول میں رہ کر، حلال کمانے والوں کی صحبت میں رہ کر یہ بھی انشاء اللہ حلال کمانے لگ جائیں گے۔

2) دوسرے وہ جو کاروبار شریعت کے مطابق کریں گے۔ یہ بہت اونچے لوگ ہیں، اللہ ان کے مال میں برکت عطا فرمائے، یہ ہمارا مقصد پورا کر رہے ہیں۔

ہماری نیت یہ ہے کہ تجارت میں حضرت محمد ﷺ کی سنت اور آپ کی شریعت زندہ ہو

3) تیسرے وہ لوگ جو تقویٰ اختیار کریں گے۔
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حلال مال کے 10 میں سے 9 حصے حرام کے شبہ ہونے کی وجہ سے چھوڑ دیتے تھے۔
یہ بہت اونچے لوگ ہیں، ہم ان کی صحبت میں رہیں گے، تاکہ اللہ پاک ہمیں بھی اپنے معاملات میں تقویٰ اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

4) اور چوتھے وہ لوگ ہیں جو اس محنت میں لگ جائیں گے، کہ حضرت محمد ﷺ کی سنت اور آپ کی شریعت بازار اور تجارت میں زندہ ہو جائے۔ یہ لوگوں کو کاروبار سکھائیں گے، حلال کاروبار کرنے کا طریقہ اور اس کے بدلے اللہ کی رضا طلب کریں گے، اور امید رکھیں گے کہ اللہ پاک ان کے گناہ معاف فرما کر ان سے راضی ہو جائے

ایک بزرگ نے یہ کام کرنے والے ایک آدمی سے فرمایا:

**"تم بھی جہاد کر رہے ہو"**

ہمارا مزاج اپنا حق معاف کرنا اور دوسروں کا حق ادا کرنا نہیں ہوگا۔ ہم دوسروں کا پورا پورا حق ادا کریں گے، اور اپنا پورا پورا حق وصول بھی کریں گے۔ حق اس لیے ادا کریں گے کیونکہ یہ اللہ کا حکم ہے۔ اور وصول اس لیے کریں گے تاکہ معاملات میں دوسرا بھی اللہ کا حکم پورا کرے اور آخرت میں وہ بھی کامیاب ہو۔

**ہم نے اللہ سے یہ مانگا ہے:**

"اے اللہ، ہمیں زیادہ مال دے کر غافل نہ کرنا، بلکہ جب ضرورت ہو تب عطا فرما دینا۔ جب ہمارے پاس پیسے ختم ہو جائیں، پھر ہم آپ سے مانگ لیں اور آپ پھر عطا فرما دیں۔ جب پھر پیسے ختم ہو جائیں، ہم پھر سے مانگ لیں اور آپ پھر سے عطا فرما دیں۔ ہم آپ کی طرف ہی متوجہ رہیں۔"

ہم سب یہ بھی دعائیں کرتے ہیں:
یا اللہ، آپ کے نبی حضرت محمد ﷺ کی سنت اور ان کی شریعت بازاروں میں زندہ ہو جائے۔ اس کے لیے اسباب کے درجے میں جو صفات والے لوگ چاہییں، انہیں بھیج دے اور ان سے کام لے لے۔ حضرت محمد ﷺ کی شریعت بازاروں میں زندہ کرنے کے لیے جن استعدادات اور صلاحیتوں کی ضرورت ہے، وہ ہمیں بھی عطا فرما۔

# شیطان کا وار

آپ اپنے اندر نظر ڈالیں، جب سے آپ اس محنت کے اندر لگے ہیں، آپ کی زندگی میں نیک اعمال زیادہ ہوئے ہیں یا کم؟ اللہ کے ساتھ تعلق اور اللہ کی ذات پر توکل زیادہ ہوا ہے یا کم؟

اگر زیادہ ہوا ہے تو شیطان آپ کا دشمن ہے، اس کو تکلیف ہو رہی ہے۔ اس نے ایک ہی کام کرنا ہے، کسی طرح آپ کو اس کام سے توڑنا ہے تاکہ آپ الگ ہو جائیں، اکیلے رہ جائیں اور وہ آپ پر قابو پا لے۔ ابھی قابو پانا مشکل ہے کیونکہ پوری جماعت ہے۔ جماعت کے اوپر اللہ کا ہاتھ ہوتا ہے، وہ آپ پر جو بھی وار کرتا ہے اس ماحول کی برکت سے کوئی نہ کوئی اصلاح کر لیتا ہے۔ اس کا حربہ تب ہی چل سکتا ہے جب آپ کٹ جائیں۔ تو وہ آپ کو بدگمان کرے گا، کبھی دنیا کے لمبے لمبے خواب دکھائے گا۔

اتنا بزنس کر کے خود کماتا تو مالدار ہو جاتا، کیوں لوگوں کے اوپر محنت کر رہا ہے۔

شیطان کو بتا دینا کہ نہ میں ایک سانس اپنے مقدر سے زیادہ لے سکتا ہوں، نہ ایک پانی کا گھونٹ اور نہ ہی ایک لقمہ۔ یہ چالیں کسی اور کے ساتھ چلنا، مجھے پتہ ہے کہ مال اللہ نے تقسیم کیا ہے، کسی کو کم، کسی کو زیادہ۔ اس میں اللہ کی اپنی حکمت ہے۔

میرا کام اللہ کا حکم پورا کرنا ہے، رزق تو اللہ کے ذمے ہے۔ سبب کے درجے میں حضرت محمد ﷺ کی سنت سمجھ کر میں رزق کمانے کی محنت میں لگا ہوا ہوں، اور صحابہ بھی مال کمانے کی محنت کرتے تھے، اس کی اجازت ہے۔ لیکن مال کا زیادہ ہونا یا کم ہونے کا تعلق ہماری محنتوں کے ساتھ نہیں ہے۔

# إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ (اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد حاصل کرو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔)

وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَكِنْ لَا تَشْعُرُونَ (اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے جائیں انہیں مردہ نہ کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں، مگر تم کو ان کی زندگی کا احساس نہیں ہوتا۔)

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ (اور ہم تمہیں ضرور آزمائیں گے، کبھی خوف سے اور کبھی بھوک سے، اور کبھی مالوں، جانوں اور پھلوں کے نقصان سے، اور جو لوگ ایسے حالات میں صبر کرنے والے ہوں ان کو خوشخبری دے دو۔)

الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ (یہ وہ لوگ ہیں جن پر جب کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو کہتے ہیں ہم سب اللہ ہی کے ہیں اور ہمیں اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔)

أُولَـٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَٰتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَـٰئِكَ هُمُ ٱلْمُهْتَدُونَ (یہ ہیں وہ لوگ جن پر عنایتیں ہیں ان کے رب کی طرف سے، اور رحمت ہے، اور یہی لوگ ہیں جو ہدایت یافتہ ہیں۔)
(سورۃ البقرہ، آیت 153 سے 157)

حضرت سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا: میں نے کہا: اللہ کے رسول ﷺ! سب سے سخت مصیبت کس پر آتی ہے؟ آپ نے فرمایا: نبیوں پر پھر جو ان کے بعد سب سے افضل ہیں، پھر جو ان کے بعد افضل ہیں۔ بندے پر اس کے دین کے مطابق آزمائش آتی ہے۔ اگر وہ اپنے دین (اور ایمان) میں مضبوط ہو تو اس کی آزمائش بھی سخت ہوتی ہے۔ اگر اس کا ایمان نرم ہو تو اس کے ایمان کے مطابق آزمائش آتی ہے۔ بندے پر آزمائش (اور مصیبت) آتی رہتی ہے حتیٰ کہ اسے ایسا کے کے چھوڑتی ہے کہ وہ زمین پر چل پھر رہا ہوتا ہے اور اس پر کوئی گناہ (باقی) نہیں ہوتا (سنن الترمذي: 2398، سنن ابن ماجہ: 4023)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بڑی جزا بڑی آزمائش کے ساتھ ہوتی ہے، اور جب اللہ کسی قوم سے محبت کرتا ہے تو اسے آزمائش میں ڈالتا ہے۔ پس جو (اس پر) راضی ہو جائے اس کے لیے اللہ کی رضا ہے، اور جو ناراض ہو جائے اس کے لیے اللہ کی ناراضی ہے۔" (الترمذی: 2396)

یہ حالات آتے رہتے ہیں، ایک محاورہ ہے،

خدا طلبی بلاء طلبی

بلاء سے اللہ والوں کے جسموں کی تکلیف، بیماری اور غم وغیرہ مراد لیتے ہیں، اور بندے کے جسم پر آزمائش و مشقت جتنی

WWW.DIGITALFUELING.PK

# إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ

قوی ہوتی ہے اتنا ہی اللہ تعالیٰ کے ساتھ بندے کا قرب بڑھتا ہے۔ بلاء نام ہے اس رنج جو مومن کے دل اور جسم پر پیدا ہوتی ہے۔ اس کی حقیقت ایک نعمت ہے، اور اس لیے کہ اس کا ایک راز بندے پر پوشیدہ رہتا ہے، اور اس کو برداشت کر کے ثواب ملتا ہے۔ (کشف المحجوب از حضرت علی بن عثمان ہجویری، صفحہ نمبر 518)

اللہ پاک سے آزمائش مانگنی نہیں ہے، پر اگر آ جائے تو اس پر جم جانا ہے۔ یہ حالات آتے رہتے ہیں، ایسا ہوتا رہتا ہے۔ یا تو اس میدان میں قدم رکھنا نہیں تھا، اب رکھ لیا ہے تو اللہ پاک سے مانگ لینا ہے، عشق میں امتحان تو آتے رہتے ہیں، اللہ خیر کرے گا۔ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (پس بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔) اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔) (الانشراح 6-7)

لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا (البقرة 286) اللہ پاک کسی جان پر اس کی استطاعت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔

# خود نمائی، خود پسندی

اس چپٹر (Chapter) پر عمل کرنے سے پہلے یہ گزارش ہے کہ

i)ایک عرصے تک قدمین کے تصور کے ساتھ درود شریف پڑھنے کا معمول بنا لیا ہو۔
ii) وہ لوگ جو صبح شام کے اعمال کر رہے ہوں، پکے نمازی ہوں، روزانہ تلاوت کرتے ہوں
iii) غیر ضروری چیزوں کو اپنے پاس سے کم سے کم کرتے جا رہے ہوں، زندگی گزارنے کے ضروری وسائل کے علاوہ غیر ضروری سامان سے جان چُھڑا رہے ہوں۔
iv) اللہ پاک سے اپنی دعائیں قبول کرواتے ہوں۔ جب کوئی ضرورت ہوتی ہے تو وہ اللہ پاک سے مانگتے ہوں۔
v) شریعت کے مطابق بزنس کرنے کی کوشش کرتے ہوں۔
vi) فضول خرچی نہ کرتے ہوں، اور مال پر بھروسہ بھی نہ ہو۔ جب جیب خالی ہو اور پیسوں کی ضرورت ہو تو اللہ پاک سے مانگنے والے ہوں، اور اکثر ایسا کر کے اللہ پاک کی مدد کا مشاہدہ بھی کیا ہو۔
vii) دل میں اپنی ٹیم کی اور ساری امت کی بہت خیر خواہی ہو، وہ سب اب اس چپٹر (Chapter) کو عمل کی نیت سے پڑھیں۔

ہم بہت کمزور ہیں، بہت گناہ گار ہیں، اور مسئلہ یہ ہے کہ تھوڑا سا نیک عمل کر لیتے ہیں یا تھوڑا سا کچھ محسوس کر لیتے ہیں تو غرور میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

1. ہم کو جو اللہ پاک نے احکامات دیے ہیں وہ ہم پورے کرتے نہیں۔
2. جن کاموں سے اللہ پاک نے روکا ہے ان ہم کو کرتے ہیں۔
3. اللہ پاک کی نعمتوں کو ہم ضائع کرتے ہیں، خراب کرتے ہیں، مثلاً رشتے جو کہ نعمت ہیں ان کے بارے میں شکر گزاری کی کیفیت نہیں ہوتی۔ قریبی رشتے اللہ کی نعمت ہیں، اور ہم اپنے دل میں ان کے بارے میں منفی خیالات (Negative Thoughts) لاتے رہتے ہیں، بدگمانی کرتے ہیں۔
4. جو نعمت اللہ پاک نے نہیں دی، ہم اس کے بارے میں سوچتے رہتے ہیں۔ ہمیں تو اپنے دل و دماغ کو اللہ کی طرف متوجہ رکھنا چاہئے تھا۔ مثلاً کسی کے پاس گاڑی نہیں ہے تو اس فکر میں ہر وقت لگا رہتا ہے کہ گاڑی خرید لوں، کسی کی شادی نہیں ہوئی تو ہر وقت شادی کی ہی فکر میں لگا رہتا ہے۔ جو نعمتیں اللہ پاک نے دی ہیں ان پر شکر کی کیفیت ہو، جو نہیں دی، ان کی طرف زیادہ توجہ نہ ہو، بلکہ اللہ کی طرف توجہ ہو۔
5. ہم دل ہی دل میں خود کو دوسروں سے اچھا بھی سمجھتے ہیں، یہ شیطان کی صفت ہے: قَالَ مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِي مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِن طِينٍ (خدا نے فرمایا: کس بات نے تجھے جھکنے سے روکا جب کہ میں نے حکم دیا تھا؟ کہا: اس بات نے کہ میں آدم سے بہتر ہوں، تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا، اسے مٹی سے۔) اپنے آپ کو کسی سے بہتر سمجھنا شیطان کی صفت ہے

ہمارا سب سے بڑا دشمن جو اللہ تعالیٰ کے قرب اور اس کی رضا کے بیچ حائل ہے وہ شیطان نہیں ہے، سب سے بڑا دشمن جو ہے، اسے نفس کہتے ہیں، شیطان نفس سے کمزور دشمن ہے۔

**یہ "میں" ہوں، یہ میری خواہشات ہیں۔**

# خود نمائی، خود پسندی

ہم کھانا کھاتے ہیں کیونکہ ہماری خواہش ہوتی ہے، ٹیک لگا کر قرآن پڑھتے ہیں کیونکہ جسم کو راحت ملتی ہے ٹیک لگانے سے۔ اسی طرح کچھ بھی سوچ لیں – (عَلَی ھَذَا الْقِیَاسِ)، کبھی دل چاہتا ہے تو باہر لمبی ڈرائیو (Long Drive) پر جاتے ہیں، کبھی دل چاہتا ہے تو دوستوں کو کال کر لیتے ہیں، کبھی دل چاہتا ہے تو آئسکریم کھا لیتے ہیں، کبھی بریانی کا دل چاہتا ہے۔ یہ جو دل چاہتا ہے اور ہم کوئی کام کر لیتے ہیں، یہ ہی تو ہے جو ہم اللہ کے لیے نہیں کرتے بلکہ دل کے چاہنے کی وجہ سے کرتے ہیں۔

اب ایک ایکسرسائز کریں، دل چاہتا ہے کہ آپ آج تھک گئے ہیں، رات کو سورۂ واقعہ نہیں پڑھ سکتے تو آپ بتا دیں دل کو کہ

"اے دل! یہ تو نہیں چاہتا، یہ اصل میں میرے اندر چھپا ہوا نفس ہے جو چاہتا ہے۔ ٹھیک ہے، میں تیری مان لوں گا، لیکن کل اس کی سزا یہ ہو گی کہ ایک پارہ قرآن پڑھوں گا، اور آج رات ایک ہزار صدقہ کر کے سوؤں گا۔"

اب یہ کر کے دیکھیں، پھر سوچیں کہ اب دل کیا چاہتا ہے، اب سورۂ واقعہ پڑھنا آسان ہو جائے گا۔

میں ٹیک لگا کر ذکر کرتا تھا، پھر میں نے سوچنا شروع کر دیا کہ ٹیک لگا کر ہی ذکر کروں گا مگر ذکر کے بعد ایک ہزار صدقہ کروں گا۔ ایک دفعہ بھی صدقہ نہیں کیا، اور ٹیک لگا کر ذکر کرنا ختم ہو گیا۔ بلکہ اب تو دو زانو ہو کر قبلہ رخ بیٹھنا بھی آسان ہو گیا ہے۔

ہمارا دل چاہتا ہے کہ دستر خوان پر تین چیزیں پڑی ہیں، ان میں سے جو ایک ڈش (Dish) ہے وہ مجھے زیادہ پسند ہے وہ میں کھاؤں گا۔ اب اپنے ساتھ اعلان جنگ کر لیں، اپنے آپ کو اپنا دشمن سمجھ لیں، اور وہ چیز نہ کھائیں۔

کبھی کبھار کھائیں بھی ضرور، مگر کبھی کبھار اعلان جنگ بھی کریں۔ صرف جنگ سے آپ نفس سے ہار جائیں گے ، کبھی جنگ کر لیں، کبھی اس کی مان لیں۔

ایک شیخ الحدیث صاحب نے فرمایا "عمل وہ اچھا ہے جس میں نفس کو نشاط ہو۔"

اِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یقینا تمہارے جسم کا تم پر حق ہے "۔(بخاری ، مسلم )۔

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا، کیا یہ میری خبر صحیح ہے کہ تم رات بھر عبادت کرتے رہتے ہو اور دن میں روزے رکھتے ہو؟ میں نے کہا کہ جی ہاں یہ صحیح ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسا نہ کرو، عبادت بھی کرو اور سو بھی، روزے بھی رکھو اور بلا روزے بھی رہو، کیونکہ تمہارے جسم کا بھی تم پر حق ہے، تمہاری آنکھوں کا بھی تم پر حق ہے، تم سے ملاقات کے لیے آنے والوں کا بھی تم پر حق ہے، تمہاری بیوی کا بھی تم پر حق ہے، (بخاري 6134)

ہم نے اللہ پاک کی حلال کردہ چیزوں کو اپنے اوپر حرام نہیں کرنا، بلکہ ہم نے سبب کو اختیار کرنا ہے۔
کھانا کھانا ہے کیونکہ اللہ پاک کا حکم ہے۔ کاروبار کرنا ہے کیونکہ صحابہ نے کاروبار کیا ہے۔
سبب کو اللہ کا حکم اور حضرت محمد ﷺ کی سنت کی پیروی کرنے کے لیے اختیار کرنا ہے۔

# خود نمائی، خود پسندی

پیاس لگی ہے اور خواہش ہے پانی پینے کی، تو خواہش پوری نہیں کرنی، ایک منٹ رک جانا ہے اور سوچنا ہے کہ میرے جسم کا میرے اوپر حق ہے، اللہ اس کے بارے میں پوچھے گا کہ اپنے جسم کا حق ادا کیا کہ نہیں۔ اس کو پانی دینا چاہیے کیونکہ اللہ کا حکم ہے۔ اب اس کو پانی ایسے پلاؤں گا جیسے حضرت محمد ﷺ پانی پیتے تھے۔

آپ کا پانی پینا آپ کے نفس کی خواہش کی وجہ سے نہیں ہے، بلکہ آپ کا پانی پینا اللہ کے لیے ہے۔

اللہ نے حلال کھانے کی اجازت دی ہے' اس لیے کبھی کھا لیا کریں، کبھی جنگ کر لیا کریں۔

اللہ پاک نے آپ کو حکم دیا ہے کہ تمہارے جسم کا تم پر حق ہے۔ آپ اللہ کا حکم پورا کرنے کے لیے پانی پی لیں، اور ٹھنڈا پانی پییں اگر آپ کو ٹھنڈے پانی کی طلب ہے، اور پھر پانی پی کر اللہ پاک کا شکر ادا کریں۔

حضرت محمد ﷺ سے متعدد احادیث میں مروی ہے کہ نفس سے جہاد سب سے افضل ہے۔ اپنے نفس سے جہاد نفس کی ناجائز خواہشات سے اپنے آپ کو بچانا ہے۔

اب آپ کوئی کام بھی اپنے نفس کے لیے نہیں کر رہے، بلکہ اپنے نفس کو تو آپ نے دشمن سمجھ لیا ہے۔ اب آپ ہر کام اللہ کے لیے کر رہے ہیں۔ ٹھنڈا پانی اللہ کے لیے پی رہے ہیں، بریانی اللہ کے لیے کھا رہے ہیں، اپنے بچوں کے ساتھ اللہ کے لیے کھیل رہے ہیں، کیونکہ حضرت محمد ﷺ حضرت امام حسین اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اجمعین کو اپنے کمر مبارک پر بٹھایا کرتے تھے۔

ہمارا سب سے بڑا دشمن نفس ہے، اور ہمیں اب ایک چیز کا بہت خطرہ ہے۔ ہم میں اللہ پاک نے اتنی استطاعت پیدا کر دی ہے کہ اب ہم کسی اور طرح سوچتے ہیں، اللہ کا قرب بھی محسوس کرتے ہیں، اور کافی کچھ اللہ پاک نے عطا کر دیا ہے۔

اب ہم میں اس بات کا غرور آنا شروع ہو جائے گا، یہ تو موت ہے، یہ تو بہت بڑا مسئلہ ہے، اس مسئلے سے آزاد ہونا ضروری ہے۔ خود نمائی اور خود پسندی کا مریض نہیں بننا۔

رات کو کبھی کبھار اپنے اعمال کرنے کے بعد سوچیں کہ ابھی میں مر گیا ہوں، ارد گرد گھر والے آ گئے ہیں، اب میرے پاؤں انگوٹھے باندھ دیے گئے ہیں۔ اب یہ سب کو کالز کر رہے ہیں کہ "سعد فوت ہو گیا ہے"۔ اب گھر کی صفائی وغیرہ بھی شروع ہو گئی ہے، کچھ مہمان رات کو ہی آ گئے ہیں، ہمسائے بھی جمع ہو رہے ہیں۔ کسی نے کاغذ پر اعلان لکھنا شروع کر دیا ہے۔

"ایک ضروری اعلان سنیں، اس کا بیٹا، اس کا بھائی رضائے الٰہی سے وفات پا گیا ہے جن کی نماز جنازہ عصر کے بعد کالج گراؤنڈ میں ادا کی جائے گی۔"

# خود نمائی، خود پسندی

اب صبح ہو گئی اور گھر مہمانوں سے بھر گیا۔ اب لوگوں نے مجھے اٹھا کر ایک تختے پر لٹا دیا، میرے کپڑے پھاڑنے شروع کر دیے، اور بالکل برہنہ کر دیا۔ اب مجھے نہلا رہے ہیں، اب مجھے کفن پہنا رہے ہیں، اب مجھے چارپائی پر ڈال کر کمرے میں رکھ دیا ہے، ارد گرد لوگ رو رہے ہیں اور کچھ قرآن پڑھ رہے ہیں، کچھ موبائل اسکرول کر رہے ہیں، کچھ گپیں مار رہے ہیں۔

اور اتنے میں باہر سے مرد آئے اور میری چارپائی اٹھا کر جنازہ پڑھنے والی جگہ لے گئے، اب جنازے کے بعد مجھے قبرستان لے گئے، اب مجھے قبر میں اتارا جا رہا ہے، اب میرے اوپر مٹی ڈال رہے ہیں۔ اب فرشتے آ گئے، پتہ نہیں میں کیا جواب دوں گا انہیں۔ اب حضرت محمد ﷺ کا چہرہ مبارک مجھے دکھایا جا رہا ہے اور پوچھا جا رہا ہے کہ یہ کون ہیں؟ میں کیسے ان کا سامنا کروں گا؟ میں کیا کہوں گا ان سے؟

خیر، اس کے بعد ایسا ہوتا ہے قبر میں کہ جسم میں کیڑے پڑ جاتے ہیں، گوشت ختم ہو جاتا ہے۔ اتنا خوبصورت چہرہ اب اس میں کوئی گوشت نہیں رہا بلکہ سب خشک ہو گیا، دماغ بھی خالی رہ گیا اور ہڈیوں کا ڈھانچہ ہی رہ گیا۔ پسلیوں کا ڈھانچہ بھی گر گیا، کھوپڑی کے اندر چیونٹیوں نے گھر بنا لیا ہے۔ یہ تو میری اوقات ہے۔

اب سب غرور ختم ہو جائے گا۔ اس چپٹر میں بہت سی بیماریوں کا علاج ہے، پر صرف پڑھ کر خود سے علاج مت شروع کیجیے گا، کسی روحانی معالج کے ساتھ مشورہ ضرور کرتے رہیے گا۔
اللہ پاک ہمیں خود نمائی اور خود پسندی سے بچائے، حب جاہ ہمارے اندر سے ختم فرمائے۔ آمین۔

یہ روحانی معالج کون لوگ ہیں؟
یہ اللہ والے ہیں، ان کی نشانی یہ ہے کہ ان کو دیکھ کر، ان کی صحبت اختیار کر کے، اللہ پاک کی یاد آ جائے، دنیا سے دل ہٹ جائے اور موت کا استحضار زیادہ ہو جائے۔
ان کی شرط یہ ہے کہ یہ اتباع سنت ہونے چاہئیں، اتباع شریعت ہونے چاہئیں، اور ان کا سلسلہ حضرت محمد ﷺ تک پہنچنا چاہیے۔

حضرت محمد ﷺ کے بارے میں آتا ہے کہ جب آپ ﷺ مسکرا دیتے تھے تو مسجد نبوی کی دیواریں روشن ہو جاتی تھیں، آپ ﷺ کے دندان مبارک سے اتنا نور نکلتا تھا، جس نبی ﷺ کے دندان مبارک میں اتنا نور ہو، اس کے دل میں کتنا نور ہوگا، جس پر پورا قرآن الف، لام، میم سے وان الناس تک نازل ہوا ہے۔

صحابہ جب آپ کی صحبت میں بیٹھتے تھے تو اس نور کی برکت سے ان کی اصلاح ہو جاتی تھی، آپ ﷺ کا قلب مبارک نور کا منبع تھا۔
ہمیں اپنی اصلاح کے لیے کوشش کرنی چاہیے کہ ہمارے دل سے حبِ جاہ اور حبِ مال نکل جائے، اس کے لیے اللہ والوں کی صحبت اختیار کریں۔
انبیاء کی بعثت کے تین مقاصد ہیں: پہلا دعوت و تبلیغ، دوسرا تزکیہ، جسے تصوف بھی کہتے ہیں، جو اللہ والے کراتے ہیں، جس کا بیان اوپر گزر چکا ہے، اور تیسرا تعلیم و تعلم، سیکھنا اور سکھانا، جو علماء کرتے ہیں۔

# ہم اللہ پاک سے عافیت مانگیں گے

ہم بہت کمزور ہیں، ہم اللہ پاک سے عافیت مانگیں گے، وہ صحابہ تھے اور ان کے بعد تابعین تھے اور تبع تابعین تھے اور پہلے وقتوں کے اللہ والے تھے جنہوں نے مجاہدے کئیے، اور ان مجاہدات کی برکت سے اللہ پاک نے ان کو اپنی محبت عطا فرمائی، اور اللہ ان سے محبت کرنے لگ گیا، اللہ پاک ان سے راضی ہو گیا اور وہ اللہ پاک سے راضی ہو گئے۔

ہم آخری زمانے کے مسلمان ہیں، ہم کمزور ہیں، ہم سوشل میڈیا کے دور والے ہیں، اسمارٹ موبائل استعمال کرتے ہیں، ہمارا کیا مجاہدہ، کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا۔

ہم وہ مجاہدات نہیں کر سکتے، ہم تو وہ لوگ ہیں جن کو تین دن ایک ہی سالن ملے تو وہ اکتا جاتے ہیں، صحابہ پر تین تین دن کا فاقہ رہتا تھا پھر بھی وہ جمے رہتے تھے، قربانی کرنے والے لوگ چلے گئے، ہم بچ گئے ہیں۔

جو سگریٹ پیتا ہے پیتا رہے، جو نسوار رکھتا ہے رکھتا رہے، جو پان کھاتا ہے کھاتا رہے، یہ حرام نہیں ہیں، بس نیت تبدیل کر لے، بتا دے اللہ کو کہ اس کی عادت لگ گئی ہے، اس کے بغیر گزارا نہیں ہے، اس کو چھوڑتا ہوں تو دل میں بے چینی ہوتی ہے یا آپ کی مخلوق کے ساتھ لڑتا ہوں، میرے اخلاق ٹھیک رہیں اس لیے ان کا استعمال کرتا ہوں۔

جو لڑکیاں فیشن کی شوقین ہیں وہ کرتی رہیں، بس فیشن وہ کرنا ہے جو حرام نہ ہو، اور اس نیت سے کریں کہ میں اپنے شوہر کے لیے کرتی ہوں، وہ پورا دن باہر ہوتا ہے، بہت بے حیائی ہے، وہ ایسے ماحول سے آتا ہے، گھر میں ماسی کو دیکھ کر دل اداس ہی ہو گا اس کا، اس لیے میں بھی اپنے آپ کو خوبصورت بنا کر اس کے سامنے جاؤں، تاکہ اس کا دل خوش ہو جائے، اور وہ خوبصورت بیوی کو دیکھ کر اللہ پاک کا شکر ادا کرے۔

آپ کو کچھ چھوڑنے کا نہیں کہہ رہے، نیت کو تبدیل کرنے کا کہہ رہے ہیں، نیت تو کر سکتے ہیں۔

ایسا ہوتا ہے کہ ہم کچھ چیزوں میں تقویٰ اختیار کر لیں، اور ہمارے اندر استطاعت نہ ہو، تو پھر ہم کسی اور معاملے میں اللہ کی حرام کردہ چیز کو کر لیں، اور گناہگار ہو جائیں، اس سے بہتر یہ ہے کہ ہم شریعت کی رخصت پر عمل کریں اور عافیت طلب کریں، اور اللہ کی حرام کردہ چیزوں سے بچیں، عمل تھوڑا کریں پر استقامت کے ساتھ کرتے رہیں۔

ہم اپنے ماتحتوں کی نرم تشکیل کریں گے، ان کے لیے اللہ پاک سے برکت والے پروجیکٹس مانگیں، ان کے ایمان مکمل ہونے کی دعائیں کریں، وہ بیمار ہو جائیں تو ان کے لیے صحت کی دعا کریں، وہ حالات میں آ جائیں تو ان کے لیے استقامت کی دعا کریں، ان کے لیے اللہ پاک سے عافیت مانگیں

# ہم اللہ پاک سے عافیت مانگیں گے

ایک بزرگ نے مجھ سے فرمایا اللہ پاک آپ کو نئی گاڑی دے گا۔

یہ آج کل کے بزرگوں کا مزاج ہے۔ میں نے دیکھا جب کوئی ہمارے حضرت کے پاس آتا اور کہتا ہے کہ حضرت، نکاح ثانی کی اجازت چاہیے تو آپ فرماتے کہ شریعت نے چار کی اجازت دی ہے۔ یہ نہیں کہتے کہ لگے رہو ذکر اذکار میں، ایک ہی پر اکتفا کرو، اپنے آپ کو اور لانجھوں میں ڈالتے ہو، ایک کے حقوق ادا کر کے اللہ کے ذکر میں لگ جاؤ، بلکہ فرما دیتے کہ اللہ پاک نے چار کی اجازت دی ہے، ایک سے زیادہ نکاح سنت ہے، کر لو۔

ہم کبھی اپنے حضرت کے ساتھ سفر پر جاتے تو راستے میں ندی یا دریا آ جاتا تو ساری جماعت گاڑیاں روک دیتی اور خوب پانی میں کھڑے ہوتے، وضو کرتے، ٹھنڈا پانی پیتے اور سفر پھر شروع کر دیتے۔

شروع شروع میں جب 13-2012 میں جب میں اپنے حضرت کے ساتھ سفر کرتا اور بہت تھکاوٹ ہو جاتی، گاڑی میں چلاتا ہوتا تھا، حضرت ساتھ بیٹھتے تھے، تو فرماتے کہ کولڈ ڈرنک لے لو۔ میں اس زمانے میں یونیورسٹی کے ماحول کا عادی تھا، انرجی ڈرنک لے آتا، ہمارے حضرت ڈاکٹر ہیں، پوچھتے یہ کیا ہے، میں ان کو بتاتا کہ یہ انرجی ڈرنک ہے، اس سے طاقت آ جاتی ہے، نیند بھاگ جاتی ہے، وہ میری بات سن لیتے، مجھے کبھی انرجی ڈرنکس کے نقصانات نہیں بتائے، نہ ہی انہوں نے مجھے کبھی یہ پینے سے منع نہیں کیا، یقیناً دعا کرتے ہوں گے، جس کی وجہ سے میں نے ان کو پینا چھوڑ دیا۔

اللہ پاک کو اپنا ضعف دکھائیں، بتائیں کہ ہم ضعیف ہیں اور تُو ضعفاء کا رب ہے، اللہ کو یہ نہ بتائیں کہ میں بڑا پہلوان ہوں، میں بہت زیادہ برداشت کر سکتا ہوں، اللہ پاک کی رحمت ہماری اعمال سے زیادہ ہے، اور اللہ پاک کی مغفرت ہمارے گناہوں سے زیادہ ہے۔

اچھا پہنیں، اچھا کھائیں، اچھی سواری ہو، بیمار ہو جائیں تو اللہ پاک سے صحت مانگیں، بھوک لگ جائے تو اچھا سا کھانا مانگ لیں، شادی نہیں ہوئی تو نیک صالح جوڑ مانگیں، بچے نہیں ہیں تو نیک اولاد مانگیں، ہم دنیا بھی مانگیں، اور آخرت بھی مانگیں، دنیا کمانا منع نہیں ہے، دنیا میں دل لگانا منع ہے، اس سے محبت کرنا منع ہے۔

# سچے تاجر کا مقام

مجالس گورگشتی میں شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین گورگشتی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات ہیں جس میں صفحہ نمبر 167 پر انہوں نے ہمارے کام کے بارے میں علماء سے 1955 میں گزارش کی تھی۔

**سچے تاجر کا مقام**

ارشاد فرمایا کہ ترمذی شریف کی روایت ہے: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سچا اور امانتدار تاجر (قیامت کے دن) انبیاء کرام، صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔

جناب نبی کریم حضرت محمد ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ سب سے پاکیزہ پیشہ ان تاجروں کا پیشہ ہے کہ جب وہ بات کریں تو جھوٹ نہ بولیں، اور جب انہیں امانتدار بنایا جائے اور امانت اُن کے سپرد کی جائے تو خیانت نہ کریں، اور جب وہ وعدہ کریں تو وعدہ خلافی نہ کریں، اور جب وہ کسی سے کوئی چیز خریدیں تو اُس چیز کی ناجائز مذمت نہ کریں (یعنی اس چیز کو خواہمخواہ ناقص قرار نہ دیں)، اور جب وہ کوئی چیز بیچیں تو اُس کی بے جا تعریف نہ کریں، اور جب اُن پر کوئی قرض وغیرہ واجب الاداء ہو تو وہ ٹال مٹول نہ کریں، اور جب اُن کا کوئی حق قرض وغیرہ کسی کے ذمہ واجب الاداء ہو تو وہ حق وصول کرنے میں سختی نہ کریں۔

اس حدیث مبارک کا مضمون نہایت جامع اور مبارک ہے۔ اس میں نیک وصالح سوداگر کی سات علامتیں بتلائی گئی ہیں:

پہلی: سچ بولنا اور جھوٹ نہ بولنا۔

دوسری: امانت دار ہونا اور خیانت سے احتراز کرنا۔

تیسری: وعدہ پورا کرنا اور وعدہ خلافی سے اجتناب کرنا۔

چوتھی: دوسرے تاجروں کی چیزوں کی بے جا تنقیص و مذمت نہ کرنا۔

پانچویں: اپنی چیزوں کی بے جا تعریف سے بچنا۔

چھٹی: قرض کی ادائیگی میں حتی الوسع عجلت کرنا اور ٹال مٹول نہ کرنا۔

ساتویں: قرضداروں سے قرض وصول کرنے میں نرم رویہ اختیار کرنا اور سختی و شدت سے پرہیز کرنا۔

یہ سات اصول کتنے مبارک اور جامع و نافع ہیں۔ اگر ہمارے تاجر حضرات ان سات اصولوں پر عمل پیرا ہو جائیں تو اُن کی تجارت میں، رزق میں، دکانوں میں بلکہ سارے بازار میں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور خصوصی برکتیں نازل ہوں گی اور سارے شہر امن اور مسرتوں کے گہوارے بن جائیں گے اور معاشرے سے فساد بالکل ختم ہو جائے گا اور ہر گھر سکون و راحت سے ہمکنار ہو جائے گا۔

ارشاد فرمایا کہ افسوس صد افسوس! آج کل کے اکثر تاجروں میں مذکور سات علامات میں سے ایک علامت بھی موجود نہیں جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج کل افراتفری، تباہی و بربادی، بے اطمینانی، بے قراری، جنگ و جدال اور فساد و عناد کا ایک طوفان برپا ہے۔ کہیں بھی امن نہیں، سکون نہیں، ہر شخص نالاں ہے پریشان ہے۔

**دردمندانہ اپیل**

ارشاد فرمایا کہ ہم آپ حضرات علماء کرام سے دردمندانہ اپیل کرتے ہیں کہ آپ حضرات تاجروں کو خرید و فروخت کے مسائل و احکام بیان کیا کریں اور عام لوگوں کو روزمرہ مسائل نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ تقاریر میں بتلا دیا کریں تا کہ وہ مسائل سے آگاہ ہو جائیں۔

WWW.DIGITALFUELING.PK

# سچے تاجر کا مقام

ارشاد فرمایا کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ نبی کریم حضرت محمد ﷺ سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ میرے لیے دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ مجھے مستجاب الدعوات (جس کی دعائیں قبول ہوں) بنا دیں۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے سعد! تو اپنا کھانا پاکیزہ و حلال بنا لے تو پھر تو مستجاب الدعوات ہو جائے گا۔ قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد ﷺ کی جان ہے، جو بندہ حرام مال کا ایک لقمہ اپنے پیٹ میں ڈالے تو چالیس دن تک اس کا کوئی عمل قبول نہیں ہوتا اور جس آدمی کا گوشت حرام مال سے پیدا ہوا اور بڑھا پوسا آگ ہی اُس گوشت کے لیے زیادہ لائق ہے (یعنی جہنم کی آگ ہی اُس کے لیے زیادہ مناسب ہے)۔

ارشاد فرمایا کہ یہ کتنی خطرناک اور تباہ کن بات ہے کہ ایک لقمہ حرام کھانے والے مسلمان کی نماز، روزہ اور دیگر عبادات چالیس دن تک مردود ہو جاتی ہیں۔ ارشاد فرمایا: کہ افسوس آج کل کے مسلمان حلال و حرام میں تمیز نہیں کرتے، اسی وجہ سے مسلمانوں کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں، عبادتیں بےاثر ہیں اور فتنوں میں اور آفتوں و مشکلات میں مبتلا ہیں۔

**عقلمند کون ہیں؟**

ارشاد فرمایا کہ سب لوگ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم بڑے عقل مند اور دانا ہیں لیکن دیکھنا یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی عقلمند ہیں یا نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑے عقلمند وہ لوگ ہیں جن کے اعمال نیک ہوں، اُن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت ہو، اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کی محبت ہو، ذکر اللہ کی محبت، عبادت اللہ کی محبت، قرآن کریم کی محبت، احادیث نبویہ کی محبت اور اسلام کی محبت کا غلبہ ہو۔

# ایک واقعہ - رمضان 2024

رمضان میں افطاری سے پہلے جب میں گھر جا رہا تھا تو راستے میں ایک لڑکے نے گاڑی کو ہاتھ سے روکنے کا اشارہ کیا۔

میں نے غور کیا تو معلوم ہوا کہ کوئی نشئی ہے۔ ایسے لوگوں کو بٹھانے سے تواضع آتی ہے، میں نے اسے گاڑی میں بٹھا لیا۔ میلا کچیلہ لڑکا تھا، 28-30 سال کا۔

میں نے پوچھا کہاں جانا ہے؟ اس نے کہا آپ جہاں جا رہے ہو وہاں ہی جاؤ، میرا راستہ اگر الگ ہو گیا تو میں اتر جاؤں گا۔ مجھے دور جانا ہے، میں نے پھر پوچھا تو بتایا کہ ہری پور (حطار) جانا ہے۔پبلک ٹرانسپورٹ کے ذریعے، ہری پور (حطار) ایبٹ آباد سے تقریباً دو گھنٹے کی مسافت پر ہے - اور افطاری کا وقت بالکل قریب تھا۔

میں نے کہا کہ میں روٹیاں لے لوں، پھر آپ کو اڈے کے قریب ڈراپ کر دوں گا۔ میں نے اس سے باتوں باتوں میں پوچھ لیا کہ وہ کیا کام کرتا ہے اور کس مقصد سے ایبٹ آباد آیا ہے۔

وہ مزدور تھا اسے 14 دن کی مزدوری ٹھیکیدار نے دینی تھی، مگر ٹھیکیدار اس کا فون نہیں اٹھا رہا تھا۔ تو اس نے گرمی اور روزے میں ہری پور (حطار) سے ایبٹ آباد کا سفر کیا۔ وہ بہت خفا تھا، غصے میں تھا کہ اس کا پورا دن ضائع ہو گیا، نہ ٹھیکیدار ملا، نہ مزدوری ملی اور آنے جانے کا کرایہ بھی الگ خرچ ہوا۔

میں تندور پر روٹیاں لینے کے لیے رک گیا۔ تندور کے ساتھ ہی پکوڑوں کی دکان تھی۔ اس کے لیے پکوڑے لینے کا ارادہ کیا، مگر وہ تو گاڑی سے نکل کر پہلے ہی پکوڑے والی دکان پر کھڑا تھا۔ میں گاڑی میں آ کر بیٹھ گیا، پھر وہ بھی آ کر بیٹھ گیا۔

اس نے پکوڑے تو نہیں خریدے تھے، مگر اس کے ہاتھ میں ایک لفافہ تھا جو اب اس کے ہاتھ میں نہیں تھا۔ میں نے پوچھا کہ تمہارا لفافہ کہاں ہے؟ اس نے اشارہ کر کے بتایا کہ وہ جو چھوٹی بچی ہے، مانگنے والی، اسے دے دیا ہے۔ میں نے پہچان لیا کہ یہ وہی لفافہ تھا جو اس کے ہاتھ میں تھا۔ میں نے پوچھا اس لفافے میں کیا تھا، اس نے بتایا کہ ایک شخص مرغی کا سالن اور چاول بانٹ رہا تھا، مجھے بھی اس نے دے دیئے۔

میں حیران ہو گیا، سوچا یہ تو کوئی رجال اللہ ہے، یہ کیا چیز ہے۔ وہ پھر سے ٹھیکیدار کے خلاف بولنے لگا کہ اس نے میری مزدوری نہیں دی۔ میں نے اس سے کہا کہ اللہ نے کبھی تمہیں بھوکا سلایا ہے؟ بس اس جملے سے جیسے اسے چابی لگ گئی ہو، وہ شروع ہو گیا اور بہت قیمتی باتیں کیں۔

- اللہ نے کبھی بھوکا نہیں سلایا، اللہ ہی پالتا ہے۔
- میں دو گھنٹے سے یہ لفافہ لے کر پھر رہا تھا، یہ میری تقدیر میں نہیں تھا، اس بچی کا مقدر میں دو گھنٹے سے لے کر پھر رہا تھا، مجھے میرا مقدر مل جائے گا۔
- ہر کوئی اپنے نام کے پیچھے بھاگ رہا ہے، ہر کسی کا نام مٹ جائے گا، نام تو اللہ کا باقی رہے گا۔

# ایک واقعہ - رمضان 2024

اس کا بیان اتنا اچھا تھا کہ میں اپنے گھر سے آگے نکل آیا اور اس کی منزل کی طرف چل پڑا کہ اس کی باتیں سنتا جاؤں اور اپنا ایمان تازہ کرتا جاؤں۔ پر اس نے بات کرنا ختم کر دی اور کہا کہ میرے لیے دعا کرو کہ ٹھیکہ مل جائے۔

میں نے ٹھیکے کی تفصیلات پوچھیں تو اس نے بتایا کہ 3000 بلاکس زمین سے پہلی منزل پر پہنچانے ہیں۔ ایک بندے نے کہا ہے کہ وہ یہ کام میرے سے کرائے گا، میں نے پوچھا کہ کتنے میں یہ کام کرو گے، اس نے بتایا 12000 میں۔ میں نے حساب لگا لیا کہ 4 روپے میں ایک بلاک نیچے کی منزل سے اوپر کی منزل تک پہنچاتا ہے۔ پھر پوچھا کہ یہ تم کس طرح پہنچاتے ہو، تو بتایا کہ دو بلاکس کمر پر رکھ کر۔

میں نے سوچا کہ ایک پھیرا 8 روپے کا، اور پھر میں نے پوچھا کہ کتنے لوگ کام کریں گے، اس نے کہا ہم دو لوگ کام کریں گے، اور آپس میں پیسے بانٹ لیں گے۔ میں نے پوچھا یہ کام کتنے دن میں ختم کر لو گ، اس نے بتایا 2 دن لگ جائیں گے۔

میں سوچ میں پڑ گیا کہ اگر میں کسی کلائنٹ کو صرف میں کال کروں اور سائن اپ لوں اور اس میں میرا حصہ (Share) اگر 5000 ہو (کال کرنے اور سائن اپ لینے کا) تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کال پر وقت ہی ضائع ہوا ہے، یہ کام کا کلائنٹ نہیں ھے ۔ اور یہ اللہ کا بندہ دو دن مسلسل کام کر کے 6000 بچائے گا۔

اس کو میں نے اڈے کے پاس اتارا اور اسے کچھ پیسے دینے چاہیے، مگر اس نے نہ لیے۔ میں اس سے بڑا تھا، کافی اصرار کیا اور آخر میں غصہ کیا کہ بڑوں کی بات مان لیتے ہیں، تو وہ مسکرایا اور پیسے لے لیے۔
اس کی مسکراہٹ مجھے بتا رہی تھی کہ یہ پیسے صرف تمہیں خوش کرنے کے لیے لے رہا ہوں، مجھے ان کی ضرورت نہیں۔

# وابستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ

اللہ پاک بھی رہنمائی فرماتے ہیں، اللہ کے نبی ﷺ بھی رہنمائی فرماتے ہیں۔اللہ پاک نے قرآن دیا ہے

اللہ پاک نے آسمان اور زمین چھ دن میں پیدا کیے۔ اللہ پاک کے پاس "کُن" کی صفت ہے، وہ جو چاہے ہوجاتا ہے، مگر اللہ پاک نے ہمیں بتانے کے لیے زمین اور آسمان چھ دن میں پیدا کیے ہیں۔

وقت لگتا ہے۔

وابستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ

Stay consistent, stay focused, and work on your causes; your causes will bring their effects.

# MOBILE MANNERS

میری نیت 2024 میں یہ ہے کہ میں اسمارٹ فون صرف کاروباری وقت (Business Timing) میں کاروباری میز (Business Table) پر استعمال کروں، اللہ پاک اسی وقت میں برکت دیں۔ باقی وقت اپنے پاس نوکیا بٹن والا موبائل رکھوں، اور وہ نمبر بھی زیادہ لوگوں کے پاس نہ ہو۔

موبائل فری زندگی گزاروں تاکہ جب خاندان (Family) کے ساتھ ہوں تو ان پر مکمل توجہ ہو اور جب نماز پڑھتا ہوں تو بھی مکمل دھیان ہو۔ صرف کاروبار ہی 24/7 نہیں کرنا، کاروبار کا الگ وقت ہے، خاندان کا اپنا وقت ہے۔

ہم ٹیکنالوجی کے استعمال کے خلاف نہیں ہیں، ضرور استعمال کریں لیکن اس کی حدود (Boundaries) مقرر کریں۔

سب کو اعتدال کے ساتھ لے کر چلیں۔ کیا یہ بات ٹھیک ہے کہ بیوی بچوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھایا جائے اور موبائل پر کاروبار کی کوئی کوئری (Query) آ جائے اور ذہن کاروباری کوئری (Business Query) کی طرف چلا جائے؟ ایسا نہیں ہونا چاہیے۔

جب کاروبار کا وقت ہو تب کاروبار کریں، جب کتاب پڑھنے کا وقت ہو تب کتاب پڑھیں، جب خاندان کا وقت ہو تب خاندان کو توجہ دیں۔

موبائل فون ہماری ساری سرگرمیاں
(Life Activities)
ہمارے ساتھ شیئر نہ کرے، وہ صرف ایک ڈیوائس
(Device) ہے جسے استعمال
کر کے انسان کمیونیکیشن
(Communication)
کرتا ہے اور کاروباری کمیونیکیشن
(Business Communication)
کے لیے اس کا استعمال فائدہ مند ہے۔

یہ تفریح (Entertainment) کی چیز نہیں، بلکہ مسلمان کھیل تماشے کے لیے دنیا میں بھیجا ہی نہیں گیا۔ یہ تفریح (Entertainment)، کھیل تماشہ اور غفلت نہیں تو اور کیا ہے؟

موبائل کو اللہ والوں نے بزرگوں نے دجال کا فتنہ قرار دے دیا ہے، تو یہ ایک بہت بڑا فتنہ ہے۔

غیر نے مسلمانوں کے خلاف بہت سی ایجادیں کی ہیں، پر کسی میں بھی کامیابی نہ پا سکا، پھر اس نے موبائل ایجاد کر دیا، اور اس سے اس نے مسلمانوں کو بہت نقصان دیا۔ موبائل کی باؤنڈریز (Boundaries) آج سے ہی آپ بھی ڈرا کریں، اللہ پاک مجھے بھی توفیق عطا فرمائیں، آپ کی بھی اس فتنے سے حفاظت فرمائیں۔

دوسرا بہت بڑا دجالی ہتھیار جو 2022 کے آخر میں سامنے آیا وہ AI ہے، آرٹیفیشل انٹیلیجنس۔

یہ اپنے صارفین (Users) کی ذہانت (Intellengence) کو لیڈ (Lead) کرے گی، اور رہنمائی (Guidence) دے گی۔ جب دجال آ جائے گا تو جو لوگ اس کو بغیر سوچے سمجھے اکثر استعمال کرتے ہیں ان کی ذہانت (Intellengence) مصنوعی ذہانت (Artificial Intellengence AI) پر اتنی انحصار (Demendent) کر چکی ہوگی کہ جب مصنوعی ذہانت (AI) ان کو دجال کی اطاعت کی طرف دعوت دے گی تو وہ بغیر سوچے سمجھے AI پر بھروسہ کر کے دجال کی پیروی شروع کر لیں گے۔

# MOBILE MANNERS

یہ میں کھول کھول کر لکھ رہا ہوں، اس میں کوئی اشارہ یا کوئی بات نہیں چھپا رہا، کہ آپ کو سمجھ آ جائے کہ AI ٹھیک چیز نہیں ہے۔ اس کے بغیر بھی آپ کامیاب ہو سکتے ہیں، اور کچھ عرصے کے لیے تو AI استعمال کرنے والے ہائپ کریٹ (Hype Create) کر لیں گے، پر بہت جلد چند ہی سالوں میں جب دنیا کو انسانی عقل کی ضرورت ہوگی تو جو دماغ AI کے ڈیپینڈنٹ (Dependent) نہیں ہوں گے وہ ہی لیڈ (Lead) کریں گے۔

نوٹ: آرٹیفیشل انٹیلیجنس ایک ابھرتی ہوئی چیز ہے، اور ابھی اس کا مکمل استعمال سامنے نہیں آیا۔ جو لوگ چیٹ جی پی ٹی سے ہر بات پوچھ رہے ہیں اور اپنا دماغ استعمال نہیں کر رہے، ان کے لیے یہ نقصان دہ ہے۔ جو لوگ اسے اس کی حدود میں رکھ کر استعمال کر رہے ہیں، وہ کرتے رہیں۔ اب حدود کیسے ڈرا ہوں گی، یہ مجھے بھی نہیں معلوم، مگر میں اسے مخصوص چیزوں کے لیے استعمال کرتا ہوں۔ اب اس چیز کے بارے میں کیسے آپ کو گائیڈ کروں کہ آپ حدود ڈرا کریں، یہ فارمولا ابھی میرے پاس نہیں ہے۔ اس لیے اس کے استعمال کی مکمل طور پر نفی نہیں کر رہا، مکمل طور پر نفی کرنا مقصد نہیں ہے، حدود میں رکھ کر استعمال کرنا مقصد ہے۔ اس کی ڈیپینڈنسی (Dependency) ٹھیک چیز نہیں، ایمان کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔

ان موسمی ہواؤں کے رخ کے ساتھ کٹی پتنگ کی طرح اڑنے نہ لگ جائیں، اپنی بنیادوں پر رہیں، وہ کریں جو ٹھیک ہے، چاہے ساری دنیا آپ کو کرنٹ ٹرینڈز (Current Trends) کی طرف دعوت دے۔ ہم تو صحابہ کے ٹرینڈز (Trends) پر چلنے والے ہیں، ہمیں تو صحابہ کی جماعت کی طرح سوچنا چاہئے۔ اللہ پاک آپ کو اور مجھے صحابہ کی نسبتیں عطا فرمائیں، اور صحابہ کا مزاج سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔

صحابہ جب دعوت دیتے تھے تو لمبا چوڑا بیان نہیں کرتے تھے، وہ فرماتے تھے، "قُلْ لُو مِثْلَنَا، ہمارے جیسے ہو جاؤ۔" ہم بھی دعوت دیتے ہیں، "صحابہ جیسے ہو جاؤ۔" میں بھی صحابہ جیسا بننے کی کوشش میں لگا ہوا ہوں۔ یہاں ایک بات واضح کر لوں، ساری دنیا کے اولیاء اللہ مل جائیں تب بھی ایک صحابی کے مقام تک نہیں پہنچ سکتے۔

ہمارے لئے صحابہ جیسا بننا ناممکن ہے، پر کوشش کرتے کرتے اپنا ایمان بڑھاتے بڑھاتے اپنی زندگی ختم کر دیں گے۔ جیسے قرآن کو حفظ کرنے کی نیت کر کے اگر کوئی مر جائے تو حافظ بنا کر اٹھایا جائے گا، ہم صحابہ کے اخلاق، صحابہ جیسی عبادات، صحابہ جیسی زندگی، صحابہ جیسا ایمان بناتے بناتے اگر مر گئے تو اللہ سے امید ہے کہ اللہ پاک ہم پر رحم فرمائیں گے، اور راضی ہو جائیں گے، اور ہمارا حشر صحابہ کی جماعت کے ساتھ فرمائیں گے۔

صحابہ کے بارے میں ایک خواب سناتا ہوں، خواب کی کوئی شرعی حیثیت تو نہیں ہوتی، یہ بس خوشخبریاں ہوتی ہیں، ان کو مبشرات کہتے ہیں، اور مبشرات کے ذریعے انسان کو موٹیویشن (Motivation) مل جاتی ہے۔ اور ایک حدیث کے مطابق یہ نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں۔

# MOBILE MANNERS

2024 کے اعتکاف میں تقریباً 300 کا مجمع تھا، صبح اشراق کے وقت جب اکثر لوگ اپنے اعمال میں لگ گئے یا سونے کی تیاری میں لگ گئے تو حضرت کے ارد گرد خاص خاص علماء بیٹھے ہوئے تھے، میں بھی پیچھے کونے میں بیٹھا ہوا تھا۔ حضرت نے خواب سنایا۔

ایبٹ آباد میں ایک جگہ ہے جہاں کارخانے (Factories) ہیں، اس جگہ کو سمال انڈسٹری (Small Industry) کہتے ہیں، وہاں پر ایک خوبصورت مسجد بھی ہے۔
حضرت نے فرمایا کسی نے خواب میں دیکھا ہے کہ سمال انڈسٹری کی مسجد کی دیوار پر صحابہ کے نام لکھے ہوئے ہیں۔

سامنے علماء بھی تھے، کسی نے اس خواب کی تعبیر نہیں دی، خیر اعتکاف ختم ہو گیا، عید گزر گئی۔
ایک دن میں اکیلا حضرت کے پاس تھا تو میں نے حضرت سے عرض کیا، "حضرت، اس کام کا میرے اوپر بہت غلبہ ہے، آپ مکمل کتاب پڑھ کر مجھے اجازت دیں یا روک دیں۔"

حضرت نے فرمایا، "استخارہ کر لو۔" میں نے اس پر کافی باتیں عرض کیں، پر ایک بات یہ بھی عرض کی، "حضرت، آپ نے اعتکاف میں خواب سنایا تھا، اس کی تعبیر یہ ہے کہ صحابہ کی توجہات اب سمال بزنسز (Small Businesses) کے ساتھ ہیں، مطلب صحابہ سمال بزنسز کی طرف متوجہ ہیں۔ ہمارے بازار صحابہ کے بازاروں جیسے ہونے چاہئیں۔"

# اللہ ہی تنگی پیدا کرتا ہے، اور وہی وسعت دیتا ہے

وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ

اور لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ وہ (اللہ کی خوشنودی کے لئے ) کیا خرچ کریں؟ آپ کہہ دیجئے کہ ”جو تمہاری ضرورت سے زائد ہو ۔ اللہ اسی طرح اپنے احکام تمہارے لئے صاف صاف بیان کرتا ہے تا کہ تم غور و فکر سے کام لو. (سورہ بقرہ - 219)

بعض صحابہ سے منقول ہے کہ انہوں نے صدقے کا ثواب سن کر اپنی ساری پونچھی صدقہ کر دی یہاں تک کہ اپنے اور اپنے اہل وعیال کے لئے کچھ نہ چھوڑا ، اور گھر والے بھوکے رہ گئے ۔ اس آیت نے بتلایا کہ صدقہ وہی درست ہے جو اپنی اور اپنے گھر والوں کی ضرورت پوری کرنے کے بعد کیا جائے ، چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد احادیث میں اس پر زور دیا ہے کہ صدقہ اتنا ہونا چاہئے کہ گھر والے محتاج نہ ہو جائیں۔ (آسان ترجمہ قرآن - مفتی محمد تقی عثمانی)

ہمارا مزاج اور صحابہ کرام کا مزاج بالکل الٹ ہے۔ ہم الٹا سوچتے ہیں، جبکہ صحابہ کرام اس کے برعکس سوچتے تھے۔ صحابہ کرام کے دل میں یہ فکر تھی کہ اللہ پاک ان سے راضی ہو جائیں اور ان کی آخرت سنور جائے۔ وہ ہر لمحہ اسی فکر میں گزارتے تھے۔

قرآن اللہ کا کلام بھی ہے اور اللہ کی کتاب بھی۔ اللہ نے صحابہ کرام کے بارے میں فرمایا (کلام کیا) کہ وہ اتنا (اللہ کی خوشنودی کے لئے ) خرچ کریں جو ان کی ضروریات سے زائد ہو، کیونکہ صحابہ کرام اپنے تمام مال کو اللہ کے راستے میں خرچ کر رہے تھے۔

ہم اپنے تمام مال کو سنبھال کر رکھتے ہیں، مگر اللہ کا کلام ہمیں یہ فرماتا ہے کہ اپنی ضروریات سے زائد مال اللہ کے راستے میں خرچ کریں۔

صحابہ کرام بہت عقل مند تھے۔ اللہ پاک ہمیں بھی صحیح سمجھ عطا فرمائے اور دنیا کی زندگی کی حقیقت ہمارے اوپر کھول دے ۔ آمین۔

صحابہ نے نبی ﷺ کی صحبت اٹھائی تھی، اور میں نے بعض علماء سے سنا ہے کہ عقل کے 99 حصے حضرت محمد ﷺ کو عطا ہوئے اور ایک حصّہ تمام لوگوں کو۔ آپ ﷺ کی بھی ایک مشہور دعا ہے

اللَّهُمَّ أَحْيِنِي مِسْكِينًا، وَأَمِتْنِي مِسْكِينًا، وَاحْشُرْنِي فِي زُمْرَةِ المَسَاكِينِ.

اے اللہ مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ، مسکین بنا کر فوت کر، اور میرا حشر مسکینوں کے زمرے میں کر

جس نبی ﷺ کی اطاعت ہمارے اوپر اللہ پاک نے لازمی قرار دی ہے، جس نبی ﷺ کے اعمال کے مطابق عمل ہو تو وہی منظور ہے۔ ہمارے لیے اللہ پاک نے جو اپنی رضا کا راستہ منتخب کیا ہے، وہ صرف حضرت محمد ﷺ کی اتباع اور ان کی پیروی ہے۔ جو سنت پر چلے گا، وہ دنیا میں بھی کامیاب ہوگا اور آخرت میں بھی۔ ہمارے لیے جو (Gold Standard) ہے، جو کسوتی ہے، وہ آپ ﷺ کی سنت مبارکہ ہے۔

آپ ﷺ کی سنت سے ہٹ کر کوئی راستہ نہیں ہے۔ اللہ پاک نے حضرت محمد ﷺ کو آخری نبی بنا کر بھیجا، اور اب قیامت تک آنے والے انسانوں کو حضرت محمد ﷺ کی سنت اور آپ ﷺ کی شریعت پر عمل کرنا ہے۔

آپ ﷺ کی دعا یہ ہے کہ: "اے اللہ! مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ" اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ ہمیں بہت سارا مال عطا فرما۔

دنیا کمانا منع نہیں ہے، یہ اللہ کی نعمتیں ہیں، لیکن حضرت محمد ﷺ کی approach کو دیکھیں، وہ اللہ سے کیا مانگ رہے ہیں۔ کیا آپ ﷺ کی approach صحیح ہے یا ہماری؟

وَاللهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

اور اللہ ہی تنگی پیدا کرتا ہے، اور وہی وسعت دیتا ہے، اور اسی کی طرف تم سب کو لوٹایا جائے گا۔ (سورہ بقرہ - 245)

# الہ الا اللہ یقین کی تبدیلی ہے

لا الہ الا اللہ یقین کی تبدیلی ہے۔ ہمیں اپنا یقین درست کرنا ہے۔ جو کچھ اسباب سے ہوتا ہوا نظر آ رہا ہے، وہ دراصل وہاں سے نہیں ہو رہا، کرنے والا صرف اللہ پاک ہے۔

ذرا سوچیں، ایک مالی یا کسان زمین میں بیج ڈالتا ہے۔ ان میں سے کسی بیج کو زمین کھا جاتی ہے، وہ مٹی میں مٹی بن جاتا ہے اور کسی بیج سے درخت اُگ جاتا ہے۔ اگر مالی سے کہیں کہ 100% یقین کے ساتھ بتاؤ کہ کس بیج سے درخت اُگے گا اور کسے زمین کھائے گی، تو یہ مالی کے بس کی بات نہیں۔

غور کریں کہ دو پھل دار درخت ہیں، ایک ناریل کا اور ایک آم کا، یہ دونوں زمین سے اُگے ہیں۔ زمین میں کہاں لکڑی تھی جو لکڑی کا درخت بن گیا؟ درخت میں کون سا دل تھا جو اس کی شاخوں کو پمپ کرکے پانی زمین کی تہہ سے اُٹھا کر ناریل کے اندر پہنچاتا تھا؟ مٹی کو چکھ کر دیکھیں اور آم کو چکھیں، آم کا ذائقہ مٹی کے ذائقے سے الگ کیوں ہے۔ آم کے اندر کہاں سے خوشبو آ گئی؟ یہ کون ہے جو یہ سب کچھ کر رہا ہے؟

مالی تو صرف گوڈی کرتا ہے، کھاد ڈالتا ہے اور درخت کی ٹہنیاں کاٹتا ہے۔ کیا یہ سب ان تین کاموں کی وجہ سے ہو رہا ہے؟ گوڈی کرنے کا آم کے ذائقے سے کیا تعلق ہے؟

یہ اللہ پاک کا غیبی نظام ہے، جو آم کا درخت اُگاتا ہے اور ناریل کے اندر پانی ڈالتا ہے، لیکن اللہ پاک نے اس غیبی نظام کو چھپا دیا ہے اور بظاہر مالی کو دکھا دیا ہے کہ اگر وہ گوڈی نہیں کرے گا، کھاد نہیں ڈالے گا تو پھل نہیں اُگے گا۔

اصل میں کرنے والا اللہ ہے، مگر یہ گوڈی کرنا اور کھاد ڈالنا بھی ضروری ہے۔
یہ جو گوڈی کرنا ہے، یہ کلمے کا دوسرا حصہ ہے: محمد رسول اللہ حضرت محمد ﷺ کی اتباع، آپ کی پیروی۔

درخت اللہ پاک اُگاتا ہے، مگر سنت کے درجے میں گوڈی کرنی ہوگی۔
ہم بیمار ہو جائیں تو اللہ پاک صحت دیتے ہیں، مگر سنت کے درجے میں علاج کروانا ہوگا۔

یہی ایمان بالغیب ہے۔

ہمیں لگتا ہے کہ علاج کرایا تو صحت مل گئی، مگر دوسرے لوگ بھی علاج کراتے ہیں اور وہ مر جاتے ہیں۔ صحت علاج میں نہیں ہے، صحت اللہ پاک دیتے ہیں۔ علاج سبب ہے، اور سبب سنت کے درجے میں اختیار کرنا چاہئے، مگر یقین اللہ پاک کی ذات پر ہونا چاہئے۔

# الہ الا اللہ یقین کی تبدیلی ہے

آپ کمپاس (Compass) سے ایک دائرہ بنائیں۔ بیچ میں ایک نقطہ ہوگا اور اس کے ارد گرد دائرے کی ایک باؤنڈری (Circle) بن جائے گی۔ نقطہ آپ ہیں۔

اب اس نقطے کے پاس مختلف چیزیں لکھ لیں، جیسے: بیوی/شوہر، بچے، مال، جاب (Job)، گاڑی، گھر وغیرہ۔ یہ سب کچھ دائرے کے اندر نقطے کے پاس لکھ لیں۔

یہ نقطہ آپ ہیں اور یہ چیزیں یا تو آپ کے پاس ہیں یا آپ ان کی تگ و دو میں لگے ہوئے ہیں۔

یہ سب اللہ پاک کی نعمتیں ہیں، لیکن اللہ یہ نعمتیں اس لئے نہیں دے رہا کہ آپ اس میں لگ جائیں۔ دائرے کی باؤنڈری کے باہر اللہ پاک ہیں، اللہ پاک آپ کے سامنے نہیں آ رہے، وہ چھپے ہوئے ہیں اور امتحان کے لئے یہ سب دیا ہے، اور وہ دیکھ رہے ہیں کہ جب میں اسے جاب دیتا ہوں تو یہ میری طرف متوجہ رہتا ہے یا نہیں، اور جاب میں میرا حکم پورا کرتا ہے یا جاب کی ہر جائز و ناجائز ڈیمانڈ کو پورا کرتا ہے، اور مجھے بھول کر میری نافرمانی کرتا ہے۔

بس یہ امتحان ہے۔

کل (قیامت کے دن) کوئی اسباب آپ کے سامنے نہیں ہوں گے، مگر اللہ پاک آپ کے سامنے ہوں گے۔ اور تب اگر ہم نے ان اسباب کے جائز تقاضوں کو اللہ کی اجازت سے استعمال کیا تو اللہ پاک ہم سے راضی ہوں گے۔ اگر جاب میں لگ کر اللہ کو، اللہ کے حکم کو، اللہ کے نبی ﷺ کی سنت کو چھوڑ دیا تو اللہ پاک ہم سے ناراض ہوں گے اور ہم امتحان میں ناکام ہو جائیں گے۔

اللہ پاک کبھی جاب دے کر آزمائیں گے، کبھی اولاد دے کر آزمائیں گے، کبھی گاڑی دے کر آزمائیں گے، اور کبھی یہ سب کچھ لے کر آزمائیں گے۔ اللہ نے ہمیں یہ زندگی اس لئے دی ہے کہ دیکھیں کون اچھے اعمال کرتا ہے اور کون اللہ پاک کو بھول کر غفلت بھری زندگی گزار کر آتا ہے۔

# RELATIONSHIP-BASED ECONOMIC SYSTEM

یہ مال، یہ اولاد، یہ دنیا کی چیزیں اپنی طرف کھینچتی ہیں، اور ان سے بچنا اللہ کے فضل کے بغیر ناممکن ہے۔ اللہ پاک سے اس کا فضل طلب کرتے رہیں۔

ہمیں جہد اختیار کرنی ہے، کوشش اور سعی کرنی ہے۔

دین اور دنیا میں کوئی فرق نہیں اگر ہم دنیاوی تقاضوں کو سنت اور شریعت کے مطابق پورا کریں۔ ہماری 24 گھنٹے کی زندگی دین ہے۔

بعض صحابہ بہت مالدار تھے، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بھی مالدار تھے۔

دنیا کمانا منع نہیں ہے، اس سے محبت کرنا منع ہے، یہ دل میں نہ آئے۔ اس کے لیے اللہ کا فضل درکار ہے۔ اللہ پاک سے عافیت اور اس کا فضل مانگیں۔

اللہ پاک مانگنے سے خوش ہوتے ہیں، نہ مانگنے سے ناراض ہوتے ہیں۔ اللہ پاک ہمیں استقامت عطا فرمائے، عافیت والا معاملہ فرمائے، ہمیں اخلاص عطا فرمائے، اور ہماری اس محنت کو قبول فرمائے۔

جس کی جتنی استطاعت ہے اور جو جتنا کام آسانی کے ساتھ کر سکتا ہے، وہ اتنا ہی کرے، اپنے اوپر اضافی بوجھ نہ ڈالے۔ کم کرے لیکن استقامت کے ساتھ کرتا رہے۔

جو ہو رہا ہے، اس پر اللہ پاک کا شکر ادا کریں۔ جو نہیں ہو رہا، اس کے لیے اللہ پاک سے توفیق مانگ لیں۔

ہم اللہ پاک سے دنیا بھی مانگیں گے اور آخرت بھی مانگیں گے۔

اپنی ٹیم کے لیے اور اپنے لیے اچھے برکتوں والے پروجیکٹس بھی مانگیں گے، حلال پروجیکٹس۔

اپنی ٹیم کی کامیابی کی دعائیں کریں گے، اللہ ان کی (Skill) میں برکت عطا فرمائے، ان کے مال میں برکت عطا فرمائے، انہیں امت میں خیر پھیلانے کا ذریعہ بنائے۔

اب کرنا یہ ہے کہ ہر کوئی دو طرح کے تعلقات (Relationships) بنائے گا- یہ دونوں (Relationships) آپ کی ایکسل شیٹ (Excel Sheet) میں بھی ہوں اور آپ ان سے رابطے میں بھی رہیں (آن اینڈ آف- On & Off)-

ایک تعلق (Relationship) آپ کلائنٹس کے ساتھ بنائیں گے جو آپ کو پروجیکٹس دیں گے

اور ایک تعلق (Relationship) آپ اپنی ٹیم کے ساتھ بنائیں گے جو پروجیکٹس کو انجام (execute) کریں گے۔

جب کوئی پروجیکٹ آئے، آپ نئی ہائرنگ کریں، اسکلڈ اور تجربہ کار (Skilled & Experienced) لوگ بھی ہائر (Hire) کریں، اور انٹرنز (Internees) بھی ہائر کریں۔ ضرورت کے مطابق

انہیں کنٹریکٹ (Contract) بھیجیں جس میں ان سے انٹرپرینیورشپ (Entrepreneurship) لیکچرز لینا ضروری ہوگا۔

# RELATIONSHIP-BASED ECONOMIC SYSTEM

ان سے کام بھی کروائیں، تربیت (Training) بھی دیں، اور اس ٹیم کو واٹس ایپ گروپ میں اپنے ساتھ انگیج (Engage) بھی رکھیں۔ آہستہ آہستہ ان میں سے ہی آپ کو اچھی اسکل (Skill) والے لوگ بھی مل جائیں گے اور انٹرپرینیورز (Entrepreneurs) بھی نکل آئیں گے۔

جب بھی کوئی نیا انٹرپرینیور (Entrepreneur) آپ کو مل جائے، آپ اس سے اس کا چھوٹا سا اکنامک سسٹم (Economic System) بنوائیں، جس میں اس کے پاس
کلائنٹس بھی ہوں جو پروجیکٹس دیں
اور ٹیم بھی ہو جو پروجیکٹس کرے۔

جب کوئی پروجیکٹ آئے، وہ اپنی ٹیم پر پچ (Pitch) کرے اور ان سے (Execute) کروا دیں، اور ساتھ ساتھ ٹیم کو (Entrepreneurial Training) بھی دیتے جائے۔

ان شاء اللہ تھوڑے ہی عرصے میں سینٹرلائزڈ پلیٹ فارمز (Centralized Platforms) کی ضرورت ختم ہو جائے گی اور ہر بندہ اپنے کلائنٹس لے کر اور اپنی ٹیم لے کر خود کام کر لے گا

وہ ٹیم ممبرز (Team Members) جو ہمیں فوکس (Focus) نہیں دے رہے، ان کی باسکٹ (Basket) میں بہت کچھ ہے، اور جب بزنس لانچ کرنے کی رکاوٹیں (Hurdles) آئیں گی اور وہ ناکامیوں کا سامنا (Failours face) کریں گے، تو وہ آپشن بی (Option B) کو منتخب (Select) کر کے ہم سے الگ ہو جائیں گے۔ ایک مثال ہے کہ بلی تب حملہ کرتی ہے جب وہ کونے (Corner) میں پھنس جائے، اگر دیوار کے کونے میں کوئی سوراخ (Hole) ہو تو بلی وہاں سے بھاگ جائے گی۔ ہم اپنے اسٹوڈنٹس (Students) کو ان کے مکمل پوٹینشل (Optimal potential) پر صرف تبھی لا سکتے ہیں جب وہ ہمیں اپنا فوکس (Focus) دے دیں اور باقی آپشنز (Options) کو چھوڑ دیں۔ ورنہ تجربے سے ثابت ہے کہ یہ لوگ درمیان میں سے ٹوٹ جائیں گے۔

ہر کسی کی کاروباری شخصیت (Entrepreneurial Personality) نہیں ہوتی، اور ہر کوئی کاروباری (Entrepreneur) بن بھی نہیں سکتا، ہر ایک کا اپنا اپنا مزاج ہوتا ہے۔ اس لیے کسی کو بزنس میں آنے پر مجبور نہیں کرنا چاہیے۔ بس بنیادی تربیت (Basic Training) دے دیں اور (Entrepreneurship Development in Islamic Personality) کتاب سمجھنے میں مدد کریں، یہی کافی ہے۔ جو لوگ اسائنمنٹس (Assignments) کرنا چاہتے ہیں اور کاروباری کیریئر (Entrepreneurial Career) کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں، ان کی مدد کریں اور ان کا فوکس (Focus) ضروری ہے۔
ہمیں ہنر مند (Skilled) لوگوں کی ضرورت ہے جو بطور پیشہ ور ہنرمند (Skilled Worker) کام کرنا چاہتے ہیں اور اس میں خوش ہیں۔ انہیں بزنس میں آنے پر مجبور نہ کریں، بلکہ جب آپ کے پاس کوئی پروجیکٹ (Project) ہو تو ان سے کنٹریکٹ (Contract) کریں اور ان کے کام کے مطابق انہیں ادائیگی (Payment) کریں۔

# RELATIONSHIP-BASED ECONOMIC SYSTEM

ہم اپنا (Competition) خود Develop کرتے ہیں، ہم (Market Trands) سے الٹا سوچتے ہیں۔ لوگ Develop ہو جائیں اور انہیں مکمل skill مل جائے۔ اس نیت سے کہ اگر میرے شاگرد کو مکمل skill آ گئی تو وہ میرے مقابلے (Competition) میں آ جائے گا ہمیں کبھی بھی کوئی Skill چھپانا نہیں چاہیے - Students کو ان کا رزق ملے گا اور ہمیں ہمارا۔ اللہ نے رزق تقسیم کیا ہے، ہمیں اس کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

Team Development Process ٹیم ڈویلپمنٹ پروسیس یہ ہے کہ کسی بھی کام کو تین بار کامیابی (Successfully) سے کریں، بغیر سینئر ممبر کی مدد کے، پھر اپنے متبادل (Replacement) تیار کریں۔ ایسے لوگوں کو تیار کریں جو یہ کام آپ کے لیے کر سکیں اور پھر آپ اگلے مرحلے (Step) پر جائیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ ویب سائٹ ڈیولپر (Website Developer) ہیں اور خود ویب سائٹس (Websites) بناتے ہیں، تو آپ کو ایسے لوگوں کو تیار کریں جو ویب سائٹس بنا سکیں، تاکہ آپ کلائنٹ سائن اپ اور ہینڈلنگ (Client Signup and Handling) پر توجہ (Focus) کر سکیں۔ جب آپ کلائنٹ سائن اپ میں ماہر ہو جائیں تو اشتہارات اور سیلز کالز (Advertising & Sales Calls) کے لیے بھی لوگوں کو تیار کریں۔ خود کلائنٹس کو ہینڈل کریں، موجودہ کلائنٹس سے بات کریں، اور جب آپ میں لمبے عرصے تک کلائنٹس کو ہینڈل کرنے کی مہارت اور مزاج (Client Handling Temperament) آ جائے تو ایسے لوگوں کو تیار کریں جو لمبے عرصے تک کلائنٹس کو ہینڈل (Long-Term Client Dealing) کر سکیں، اور پھر آپ برانڈ ڈیولپمنٹ (Brand Development) کی طرف جائیں۔

اس کام کا مقصد صحابہ کرام جس مزاج سے تجارت کرتے تھے، اس کو بازاروں میں اور کاروباری معاملات میں زندہ کرنے کی محنت کرنا ہے۔ کاروبار میں ہمارے رول ماڈل صحابہ ہیں، باقی زندگی کے معاملات میں بھی صحابہ کی زندگی ہی رول ماڈل ہے۔ وہ حضرت محمد ﷺ کے ساتھی تھے اور آپ ﷺ کی تربیت یافتہ تھے۔ میرا تجربہ رہا ہے کہ ہم اہل تشیع کے ساتھ کام نہیں کر سکتے، ان کے ساتھ کسی نہ کسی معاملے میں اختلاف (Conflict) آتا ہے۔ اختلاف کا وقت نہیں ہے، اپنا مجمع بہت ہے جس پر محنت کریں۔ اور ہم تو دن رات صحابہ کی زندگی کو ہی بولتے ہیں، ان کے مزاج کو بولتے ہیں، ان کو ہی آئیڈیلائز (Idealise) کرتے ہیں اور ان کو ہی فالو (Follow) کرتے ہیں، ان کو ایصالِ ثواب کرتے ہیں تاکہ ان کی روحانی توجہات ہمارے ساتھ شامل حال ہو جائیں۔ ہم صحابہ کے عاشق ہیں، ان سے محبت کرتے ہیں۔

ڈیجیٹل فیولنگ (Digital Fueling) پلیٹ فارم کا استعمال مفت ہے۔ تمام تربیت (Training) مفت فراہم کی جاتی ہے۔ جو لوگ قواعد کی پیروی (Follow Rules) کرتے ہیں، وہ "ڈیجیٹل فیولنگ" (Digital Fueling) کا حصہ ہیں؛ بنیادی قاعدہ (Basic Rule) شریعت کی پیروی کرنا ہے۔
کوئی خاص گروپ ہر پروجیکٹ کے منافع سے حصہ نہیں لے سکتا۔ جو بھی کسی پروجیکٹ پر کام کرتا ہے، اسے اس کی کمائی کا حصہ ملے گا۔ اصول آسان ہے: جو کام کرے گا، اسے اس کا حصہ ملے گا۔

# RELATIONSHIP-BASED ECONOMIC SYSTEM

الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ فِی السَّرَّآءِ وَ الضَّرَّآءِ وَ الْـکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَ الْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ وَ اللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ(سورة 134)
وہ جو خوشحالی اور تنگدستی میں اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اور غصہ پینے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے ہیں اور اللہ نیک لوگوں سے محبت فرماتا ہے۔